SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday November 19, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at ten of the clock in the morning, with Madam Deputy Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QURAN

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا ﴿٤١﴾ وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً
وَأَصِيلًا ﴿٤٢﴾ هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ
مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا ﴿٤٣﴾
تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ ۚ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيمًا ﴿٤٤﴾ يَا أَيُّهَا
النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿٤٥﴾ وَدَاعِيًا
إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا ﴿٤٦﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُمْ
مِنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا ﴿٤٧﴾ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ
وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿٤٨﴾

ترجمہ : اللہ کو خوب کثرت سے یاد کرو اور صبح شام اس کی تسبیح کرتے رہو وہ ایسا ہے کہ وہ
اور اس کے فرشتے تم پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں تاکہ حق تعالیٰ تم کو تاریکیوں سے
نور کی طرف لے آوے اور اللہ تعالیٰ مومنین پر بہت مہربان ہے وہ جب روز اللہ

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday November 19, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at ten of the clock in the morning, with Madam Deputy Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QURAN

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا ﴿٤١﴾ وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً
وَأَصِيلًا ﴿٤٢﴾ هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ
مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا ﴿٤٣﴾
تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيمًا ﴿٤٤﴾ يَا أَيُّهَا
النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿٤٥﴾ وَدَاعِيًا
إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا ﴿٤٦﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُمْ
مِنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا ﴿٤٧﴾ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ
وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿٤٨﴾

ترجمہ : اللہ کو خوب کثرت سے یاد کرو اور صبح شام اس کی تسبیح کرتے رہو وہ ایسا ہے کہ وہ
اور اس کے فرشتے تم پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں تاکہ حق تعالیٰ تم کو تاریکیوں سے
نور کی طرف لے آوے اور اللہ تعالیٰ مومنین پر بہت مہربان ہے وہ جب روز اللہ

سے ملیں گے توان کو جو سلام ہو گا وہ یہ ہو گا کہ السلام علیکم اور اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے عمدہ صلہ تیار کرر کھا ہے۔اے نبی ہم نے بیشک آپ کو اس شان کا رسول بنا کر بھیجا ہے کہ آپ گواہ ہوں گے اور آپ بشارت دینے والے ہیں اور ڈرانے والے ہیں اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والے ہیں اور آپ ایک روشن چراغ ہیں اور مومنین کو بشارت دیجئے کہ ان پر اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہونے والا ہے اور کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ کیجئے اور ان کی طرف سے جو ایذا پہنچے اس کا خیال نہ کیجئے اور اللہ پر بھروسہ کیجئے اور اللہ کافی کارساز ہے۔

(وآخر دعواناان الحمد للہ رب العالمین)

QUESTIONS AND ANSWERS

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم Question hour راجہ محمد افضل خان سوال نمبر ۳۶ Supplementary ?

<u>راجہ محمد افضل خان</u> : محترمہ اس پر میں سپلیمنٹری کیا کروں گا یہ پچھلے rotaday پر take up ہوا تھا اور یہاں پر وزیر موصوف نے وعدہ کیا تھا کہ اگلے rotaday پر اس کی تفصیلات بتاؤں گا اور اس دن سوال defer کر دیا تھا لیکن آج پھر دوبارہ (reply not received).

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : جواب موصول نہیں ہوا۔ جناب راجہ نادر پرویز۔

راجہ نادر پرویز خان: جناب چیئرمین صاحبہ last time اس کے اوپر جواب دیا گیا تھا but that was not taken as complete by the honourable members, Madam Chairperson. تو ہم نے ان کو یقین دلایا تھا next rotaday پر ہم جو جواب دیں گے وہ مکمل ہو گا based on the facts and upto-date لیکن میرے پاس جب جواب واپڈا سے آیا I was not satisfied with the answer. میں نے جواب کو واپس بھیجا ہے مجھے ان لائینز پر مکمل data چاہیئے۔ I will answer him, and as I was not satisfied اس لئے ہم نے وہ جواب واپس بھیجا ہے، جب جواب آ جائے گا تو ہم سینٹ میں رکھ دیں گے۔

میڈیم ڈپٹی چیئرمین: سوال نمبر ۱۶۹، میر عبدالجبار صاحب۔

169. ***Mir Abdul Jabbar :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state the time by which street lights of Category-III houses in Sector G-10/2, Islamabad, will be provided?

Jam Muhammad Yousaf : The work for providing street light to Category-III, Houses, Sector G-10/2, Islamabad has already been completed during August, 1992.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ضمنی سوال۔

میر عبدالجبار : میں یہ گزارش کروں گا، کہ دیر آید درست آید، اچھا ہوا کہ ان کے مکینوں کو بجلی مل گئی اور یہ بجلی ان کو اس وقت اگست میں ملی میرا سوال ان کے پاس گیا تھا۔ بہر حال یہ ایک خوش آئیند بات ہے کہ ان کے مکینوں کو بجلی مل گئی ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : کوئی ضمنی سوال، کوئی نہیں، سوال نمبر ۱۷۰ میر عبدالجبار صاحب۔

170. ***Mir Abdul Jabbar :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state :

(a) whether it is a fact that village Maira, Union Council Matore, Tehsil Kahuta, District Rawalpindi, has been electrified, if so, the date and the authority who gave an approval of the electrification; and

(b) whether it is also a fact that adjacent village is namely Dhoke Khaitran, Lass and Dakhli, Union Council Matore, Tehsil Kahuta, District Rawalpindi have not been electrified, if so, the time by which these villages will be electrified?

Jam Muhammad Yousuf : (a) Village Maira U.C. Matore Tehsil Kahuta is an old electrified village which was electrified some where in 1972-73.

(b) Village Dakhli Tehsil Kahuta approved during the year 1991-92 out of the quota of Mr. Ejazul Haq and has been electrified Dhoke Khaitran and Lass U.C. Matore, Tehsil Kahuta do not meet the criteria for electrification.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : کوئی ضمنی سوال، کوئی نہیں۔اگلا سوال۔

171. ***Mir Abdul Jabbar :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state :

(a) the procedure adopted for the provision of electricity to the villages;

(b) the number of villages of Chak Jhumra, District Faisalabad, provided with electricity during the fiscal year 1991-92 ; and

(c) the number of villages in the said area to be provided with electricity during the current fiscal year?

Jam Muhammad Yousuf : The para-wise reply is as under :-

(a) The villages are recommended by the legislators (Senators, MNAs/MPAs) according to the fixed quota. The villages meeting the criteria laid down for electrification in respect of population and distance are approved and electrified within the allocation placed at the disposal of the legislator of the area.

(b) Villages/Abadies electrified during 1991-92 = 5 Nos.

(c) It depends on the recommendation from legislatures.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ضمنی سوال۔

Dr. Muhammad Rehman : In reply of part (c) of the question it has been said that it depends on the recommendation from legislature. Uptill now we have not received any information from the Ministry so how can we recommend villages for electrification?

راجہ نادر پرویز خان: وزارت پانی و بجلی نے as in the financial year 1991-92 میں recommendation for the members of the parliament بھیجی تھیں اس دفعہ بھی ہم نے electrification of the villages on their recommendation بنا کر بھیج دیا ہے جناب، now it is lying with the Ministry of Finance and the Cabinet Division Sir تو جیسے ہی وہ فیصلہ کریں گے ہم آپ کو اطلاع دیں گے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ڈاکٹر محمد ریحان، سوال نمبر ۱۷۲۔

172. ***Dr. Muhammad Rehan :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state :

(a) the number and make of vehicles with WAPDA at Sialkot City and Cantt, indicating also the names of officers who are authorised to use them;

(b) the number of cases of misuse of vehicles brought to the notice of higher authorities during the last two years indicating also the action taken on these complaints ; and

(c) the expenditure incurred on the petrol and maintenance of these vehicles during the last two years with month-wise breakup?

Jam Muhammad Yousuf : (a) A list showing the number and make of vehicles with WAPDA at Sialkot City ad Cantt, indicating the names of officers authorised to use them is attached as Annexure 'A'.

(b) A statement indicating the number of cases of misuse of vehicles brought to the notice of higher authorities during the last two years together with the action taken on these complaints is attached as Annexure 'B'.

(c) The details of expenditure incurred on the petrol and

maintenance of these vehicles during the last two years with month-wise breakup is attached as Annexure 'C'.

(Annexures have been placed in the Senate library).

Dr. Muhammad Rehan : May I know from the honourable Minister whether these vehicles are parked after they have been used for official duties, whether in the houses of the drivers or in the houses of the officers?

راجہ نادر پرویز خان: یہ جو گاڑیاں ہوتی ہیں، they are allocated to different stations اور انہی اسٹیشن پر ان کی ڈیوٹی ہوتی ہے actually vehicles جو move out کرتی ہیں between the grid station and transmission lines on the orders of the officer concerned یہ اس کے آرڈر پر ہوتی ہیں، normally جہاں وہ چاہیں یہ vehicles لے جا سکتے ہیں۔ There is no specific place for the vehicles.

ڈاکٹر محمد ریحان: سوال کے پارٹ "سی" میں جو annexure دیا گیا ہے اس کے مطابق اگر یہ ملاحظہ کیا جائے تو ہر مہینے، ایک گاڑی کی maintenance جو ہے وہ ہزاروں روپے میں ہے اور بتدریج اس میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ہر مہینے ان گاڑیوں پر maintenance کی cost اتنی کیوں آتی ہے؟

راجہ نادر پرویز: ہم ہر گاڑی کے لئے ایک log book maintain کرتے ہیں جتنا وہ چلتی ہے، جتنا اس کا wear and tear آتا ہے جتنا اس پر maintenance کا خرچہ آتا ہے it is all on the record and it has been checked periodically by the people who are concerned.

Madam Deputy Chairman : Question No. 173, Syed Faseih Iqbal.

173. ***Syed Faseih Iqbal :** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state the annual income from Sui gas, indicating also the income on sales tax separately and the amount

given to the gas producing provinces, with details of figures during the last five years?

Ch. Nisar Ali Khan : No sales tax is levied on antural gas. The income earned and the amount transferred to the provinces in the last five years is as under :-

Fig. in Million Rupees

Year	Income	Transfer to provinces
1987-88	5137.4	1378.2
1988-89	6494.2	1298.1
1989-90	6080.7	1498.4
1990-91	8048.6	1667.5
1991-92	9482.7	9240.5

(The transfer of gas development surcharge to the provinces started in 1991-92 in pursuance of the NFC award).

سید فصیح اقبال : جو اس میں figures دی گئی ہیں، میں ان کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں وزیر موصوف سے کہ اس سال جو ۵۰ کروڑ روپے کم دیئے گئے ہیں سوئی گیس کی royalty میں، اس کی وجوہات کیا ہیں، اس کی وضاحت کریں۔ دوسری چیز یہ ہے کہ این ایف سی کے ایوارڈ کے تحت ہمیں پوری رقم مل رہی ہے یا یہ ایوارڈ کے خلاف ہے؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین : چوہدری نثار علی خان، وزیر قدرتی وسائل۔

چوہدری نثار علی خان : ظاہر ہے کہ این ایف سی جو ایوارڈ ہے اس کے تحت ہی یہ ساری distribution ہوتی ہے مگر ایک confusion اس لئے پیدا ہوئی کہ اس وقت جو sale کی perceptions تھی یا جو ایک idea دیا گیا تھا، اس کو حکومت بلوچستان نے پکے کے طور پر لے لیا اور اب وفاقی گورنمنٹ کو یہ کہا جاتا ہے کہ جو اس وقت figures perceptions دیئے گئے تھے وہ commitments تھیں ہم سمجھتے ہیں کہ سیلز کی صورت میں commitment نہیں دی جاسکتی وہ فگرز کی ایک perception تھی، ایک آئیڈیا تھا کہ

گزشتہ سالوں کی مناسبت سے آئیندہ سالوں میں یہ sale ہو گی اور اس کے مطابق اتنا گیس سرچارج ہو گا۔ بہر حال اس سلسلے میں ہم نے ایک understanding work out کی ہے اور انشاءاللہ اس کے مطابق بلوچستان اور باقی صوبوں کو گیس سرچارج ملے گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ضمنی سوال، منظور گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی : این ایف سی ایوارڈ ۹۲۔۱۹۹۱ء میں ہمارے سامنے آیا یہاں تفصیلات کے مطابق development surcharge جو ہے وہ ۸۸۔۱۹۸۷ء سے start ہے وفاقی حکومت پر جو balance amount واجب الادا ہے صوبے کی، یہ صوبے کو کب دینے کا ارادہ رکھتی ہے؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین : راجہ نادر پرویز صاحب۔

چوہدری نثار علی خان : وفاقی حکومت پر ۸۸۔۱۹۸۷ء سے کوئی گیس سرچارج یا royalty واجب الادا نہیں ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : منظور احمد گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی : میرا سوال وہ شاید سمجھ نہیں سکے ہیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب این ایف سی ایوارڈ کے تحت سیلز ٹیکس، سرچارج ہوا ہے وہ کب سے لاگو ہوا ہے یہ ۱۹۸۸ء سے ہوا ہے، اگر یہ اس پیریڈ سے ہوا ہے تو پچھلی رقم جو ہے وہ ہمارے صوبہ کو کیوں نہیں دی گئی؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین : چوہدری نثار علی خان صاحب،

چوہدری نثار علی خان : میں چونکہ نیشنل فنانس کمیشن میں نہیں تھا، تاہم اس میں جو understanding ہوئی ہے فیڈرل گورنمنٹ اور صوبوں کے درمیان یہ مسئلہ پیش ہوا، بہت discuss ہوا بلکہ کافی عرصہ سے discuss ہو رہا ہے کہ یہ کب سے واجب الادا ہے بہر حال اس میں clear cut understanding ہوئی کہ اس سال سے وفاقی حکومت صوبوں کو ادا کرے گی اور اس کے مطابق ہم ادا کر رہے ہیں۔

جناب منظور احمد گچکی : جناب والا، یہ اہم مسئلہ ہے۔ میں اس کو تھوڑا سا detail کے ساتھ discuss کروں گا۔ کیا این ایف سی ایوارڈ میں صوبہ سرحد کو بجلی کی رقم کس تاریخ سے دی گئی ہے بہت پہلے سے دی گئی یا اسی سال سے دی گئی ہے یعنی ۹۲۔۱۹۹۱ء میں دی گئی ہے۔ اگر صوبہ سرحد کو ۹۲۔۱۹۹۱ء میں دی گئی ہے تو بلوچستان کو سرچارج جو ہے وہ اسی تاریخ سے کیوں نہیں دیا جاتا جس تاریخ سے صوبہ سرحد کو بجلی کی رقم دی گئی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : چوہدری نثار علی خان صاحب۔

چوہدری نثار علی خان : میرا خیال ہے کہ اس میں کوئی confusion تو ہے نہیں، نیشنل فنانس کمیشن ایک ادارہ ہے جہاں یہ سارے مسائل discuss ہوتے ہیں۔ بلوچستان کے representatives وہاں at the highest level کے تھے اور یہ جو understanding ہے between the provinces and the federation ہوئی ہے اب یہاں اگر debate کی جائے کہ power کے معاملے میں تو یہ فیصلہ ہوا اور اس معاملے میں یہ نہیں ہوا۔ اس معاملہ میں یہ فیصلہ کیوں نہیں ہوا، یا representatives of بلوچستان نے یہ فیصلہ غلط کیا یا صحیح کیا۔ یا فیڈریشن والے نے یہ غلط کیا یا صحیح کیا، ان سب باتوں کا جواب میں یہاں کیسے دے سکتا ہوں؟ سوال یہ ہے کہ unanimous NFC کا ایوارڈ آیا اور ہم اس کے مطابق گیس سرچارجز دے رہے ہیں۔ اس کا اس چیز سے کوئی تعلق نہیں ہے کہ power کے معاملے میں کیا فیصلہ تھا یا کسی اور issue کے معاملے میں کیا فیصلہ تھا تاہم اس معاملے میں جو فیصلہ ہوا اس پر عمل کر رہے ہیں۔

محترمہ چیئرمین صاحبہ! سب سے بڑی بات یہ ہے کہ یہ توفیق صرف اس حکومت کو ہوئی، ٹھیک ہے کہ اس فیصلے سے تھوڑا بہت کسی کو اختلاف ہو گا۔ کوئی فیصلہ کسی کے معیار کے مطابق نہیں ہو گا، کوئی کمی بیشی رہ گئی ہو گی مگر گزشتہ چالیس سال سے گیس بلوچستان سے آ رہی ہے مگر کسی گورنمنٹ میں یہ guts or courege نہیں تھی، کہ یہ گیس چارجز ان کو دیں۔ ہم نے یہ دیئے اور یہ عین این ایف سی ایوارڈ کے تحت دیئے جا رہے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : میر عبدالجبار صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی : جی، میرا ابھی ضمنی سوال مکمل نہیں ہوا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب منظور احمد گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی : میں یہ عرض کرنا چاہوں گا۔ یا سوال کرنے کی جسارت کرنا چاہوں گا کہ یہ کوئی بات نہیں ہے کہ چونکہ این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کے نمائندے موجود تھے اس لئے اس معزز ایوان میں اس پر سوال نہیں کیا جا سکتا ہے۔ جناب والا، اس وقت موجودہ حکومت مرکز میں بھی بر سر اقتدار ہے اور چاروں صوبوں میں بھی بر سر اقتدار ہے لہذا وہ کوئی ایسا کام کر سکتے ہیں جو کہ بلوچستان کے عوام کے مفاد کے خلاف ہو۔ اس لئے اس کو اس ایوان میں debate کے لئے لانا انتہائی ضروری ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت جو رقم بیلنس میں ہے بلوچستان کی، اس کے متعلق کیا مرکزی حکومت فیصلہ کرنے کے لئے تیار ہے کہ یہ بیلنس کی رقم بلوچستان کو واپس کی جائے یا نہیں؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین : چوہدری نثار علی خان صاحب، کیا اس کے لئے آپ کو fresh notice چاہیئے یا جواب دیں گے؟

چوہدری نثار علی خان : نہیں fresh notice کی ضرورت نہیں ہے میرا خیال ہے کہ یہ ایسے ہی ایک confusion create کی جا رہی ہے۔ اول تو یہ میں نے کسی اسٹیج پر نہیں کہا کہ یہاں اس مسئلہ پر سوال نہیں کیا جا سکتا ہے بلکہ صورتحال یہ ہے کہ اس مسئلہ کے بارے میں بار بار سوال کئے جا رہے ہیں اور میں ان کا جواب دے رہا ہوں۔

دوسری بات یہ ہے کہ میں دو تین مرتبہ یہ وضاحت کر چکا ہوں کہ اس سلسلے میں حکومت بلوچستان کا فیڈریشن کے ذمہ کوئی balance نہیں ہے۔ یہ ذرا این ایف سی ایوارڈ پڑھ لیں تو میرا خیال ہے کہ یہ سوال کرنے کی گنجائش ہی نہیں رہے گی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آخری سوال۔

چوہدری نثار علی خان : تیسرا اور آخری پوائنٹ یہ matter of opinion ہے۔

حکومت کا نظام اداروں کے ذریعے چلایا جاتا ہے اگر آپ کہیں گے کہ این ایف سی representative نہیں تھے یا ان کو حق نہیں تھا تو کل کو کوئی نمائندہ کھڑا ہو کر کہہ سکتا ہے کہ گچکی صاحب کو کیا حق ہے نمائندگی کا سینٹ کے اندر یا وہ پورے بلوچستان کو کس طرح represent کر سکتے ہیں، نظام تو اداروں کے ذریعے ہی چلایا جا سکتا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں آپ سوال کا جواب دیں یہ تقریر نہ کریں۔ جناب فصیح اقبال صاحب ضمنی سوال۔

سید فصیح اقبال : میں ایک چیز ریکارڈ پر لے آؤں چونکہ میرا سوال تھا یہ گیس کا سہرا بلوچستان میں مارشل لاء کی حکومت کو تھا گیس ۴۰ سال پہلے نکلی صرف مرحوم ضیاء الحق اور رحمت دین کے وقت بلوچستان میں گیس آئی یہ سہرا ان کو دینا چاہیئے۔

دوسرا نکتہ یہ ہے کہ صرف وزیر موصوف کی باتیں میں نے سنی ہیں بڑی اچھی ہیں ایک briefing بلوچستان کے سینیٹرز کو دینا تھی وہ ابھی نہیں ہوئی۔ ایک ابہام ان کے بیان سے ضرور محسوس کیا اور وہ تمام ملک میں ہے۔ N.F.C کا طریقہ کار تو پورے ملک میں ایک ہی ہوتا ہے۔ جو بھی فیصلہ ہوا ہمیں منظور ہے لیکن قدرتی وسائل کی تقسیم کا طریقہ کار ایک ہوتا ہے وہ سندھ، پنجاب، فرنٹیئر اور بلوچستان میں بھی ہے۔ میرے خیال سے گیس اور بجلی کے طریقہ کار میں فرق نہیں ہو گا اور میں کسی صوبے کا حق ختم نہیں کرنا چاہتا، ایوارڈ منتخب نمائندوں کے پاس آئے ہم منتخب نمائندے ہیں طریقہ کار اخبارات میں چھپ رہا ہے کہ یہ غلط ہے اور اس پر ہماری بلوچستان کی حکومت نے احتجاج کیا ہے اس لئے ہم کہہ رہے ہیں ورنہ ہمارے صوبے کے لوگوں نے کہا ہے کہ ہمارا پیسہ روکا ہے اس لئے یہاں بات کی ہے اگر وہ نہ کہتے تو ہم یہاں یہ بات نہ کرتے۔

میر عبدالجبار : ضمنی سوال، جناب میں وزیر موصوف کا از حد مشکور ہوں کہ انہوں نے جس انداز اور طریقے سے یہ وضاحت کی ہے یقیناً یہ ہمارے علم میں اضافے کا باعث بنی ہے مگر یہ گزارش کرنا بھی ہمارا فرض ہے کہ ہمارے سوئی گیس کے سرچارج اور رائیلٹی پر

۹۲۔۱۹۹۱ء میں ۵۰ کروڑ کی کٹوتی لگی ہے اس سے انکار تو نہیں ہو سکتا آپ نے permession کی بات فرمائی کہ وہ صحیح نہیں، ہو سکتا ہے کہ وہ ہم نے persume کیا تھا مگر جناب انہوں نے خود لکھا ہے کل میرے ایک سوال کے جواب میں، کہ ہم نے اس لئے کٹوتی کی کہ آپ کی جانب سے flow کم تھا تو انہوں نے تسلیم کیا کل کے سوالوں کے جواب میں وہ آیا تھا آپ تشریف نہیں رکھتے تھے۔ میں آپ کے توسط سے وزیر صاحب سے گزارش کروں گا کہ جتنا جلدی ہو سکتا ہے ہمیں presentation دیں اس گیس کے مسئلے میں، ہم ان کے از حد مشکور ہوں گے تا کہ ہم اس مسئلے کا وہاں پر حل نکال سکیں۔

چوہدری نثار علی خان: میں نے یہاں commitment دی تھی اور آج سے تین دن پہلے ہم نے وقت دیا تھا سینٹ سیکریٹریٹ کو، مگر سینٹ سیکریٹریٹ سے یہ advice آئی کہ یہ شاید مناسب نہ ہو کیونکہ سینیٹرز available نہیں ہیں۔ تو جب بھی سینیٹرز بلوچستان میں موجود ہوں تو ہم تیار ہیں briefing کے لئے، اور میں یہ بھی گزارش کروں گا کہ کچکی اور جبار صاحبان نے کہا ہے کہ وہاں بیٹھ کر ہم ان کی بھی آراء سنیں گے اور جو ہمارا official reaction ہے .N.F.C کے بارے میں وہ discuss کرنے کے لئے تیار ہیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب یہ ہے کہ ۸۸۔۱۹۸۷ء میں ۵۱۳۷ء۴ income ہے اور صوبوں کو ۱۳۷۸ء۲، اسی طریقے چلتے چلتے آخر میں ۹۲۔۹۱ء میں ۹۴۸۲ء۷ اور ۹۲۴۰ء۵، اس سے پہلے تمام سال واضح ہے کہ وہ income جو ہے وہ بالخصوص ہمارے صوبے کو نہیں ملی ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمارے بقایا جات مرکز کے ذمہ ہیں جو یہاں اعداد و شمار سے ظاہر ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : یہی سوال کچکی صاحب نے بھی کیا تھا۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: یعنی یہ یہاں اعداد و شمار سے واضح ہے۔ ۵۱۳۷ اس کے مقابلے میں ۱۳۷۸ دیئے ہیں۔ ۶۴۹۴ اس کے مقابلے میں ۱۲۹۸ دیئے گئے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ہاں یہی تو منظور گچکی صاحب نے کہا ہے آپ repeat نہ کریں۔ جی چوہدری نثار علی صاحب اس کا جواب دیں جی۔

چوہدری نثار علی خان : جی point کیا ہے؟

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: پوائنٹ میرا یہ ہے کہ یہاں جو اعداد و شمار آپ نے دیئے ہیں ان سے بالکل واضح ہے کہ آپ کے ذمے (فیڈریشن کے ذمے) ۹۲-۱۹۹۱ء کے علاوہ یعنی excluding یہ، اس کے علاوہ باقی ہر سال بہت بڑی رقم آپ کے ذمے ہے، فیڈریشن کے ذمے ہے۔

چوہدری نثار علی خان : جی میں واضح کر چکا ہوں کہ اس سلسلے میں اگر یہ N.F.C. award پڑھیں تو اس میں understanding واضح طور پر موجود ہے اور اس کے مطابق میں نے یہاں گزارش کی ہے کہ کوئی رقم گزشتہ سالوں کی فیڈریشن کے ذمے نہیں ہے۔ اگر این ایف سی ایوارڈ پڑھ لیں تو پھر یہ confusion نہیں ہو گی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اچھا جی next سوال نمبر ۱۷۴۔

174. ***Syed Faseih Iqbal :** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state whether it is a fact that a survey report for the provision of Sui Gas to Muhallah Gujar Mohra, Rangeela Road, Haripur, was prepared in 1982, if so, the reasons for not providing the Sui Gas to the said Muhallah so far and the time by which it will be provided?

Ch. Nisar Ali Khan : No.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ضمنی سوال۔

سید فصیح اقبال : میں وزیر موصوف سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ابھی کیا حکومت کا ارادہ بنا ہے کہ اس علاقے کو سوئی گیس پہنچا دیں گے؟

چوہدری نثار علی خان : اگر سینیٹر فصیح اقبال صاحب کے اس علاقے میں کوئی سیاسی رسوخ ہیں تو انشاءاللہ تعالیٰ ہم آئندہ سال گیس پہنچا دیں گے۔

سید فصیح اقبال : میرا کوئی نہیں ہے پورا پاکستان میرا ہے اگر لوگ وہاں کے چاہتے ہیں تو میرا خیال ہے ہونا چاہیئے۔

چوہدری نثار علی خان : اگلے سال پہنچا دیں گے جی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اور کوئی ضمنی سوال نہیں ہے؟

175. ***Raja Muhammad Afzal Khan :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state :

(a) whether it is a fact that recently FIA conducted a raid on a WAPDA Office at Shahpur, Sargodha and identified a number of irregularities committed by the staff ; and

(b) whether it is also a fact that the staff of the said office is also involved in providing so many illegal connections, if so the action taken by the Government against the persons responsible for these irregularities and malpractices?

Jam Muhammad Yousuf : (a) It is a fact that the FIA conducted a raid on a WAPDA Office at Shahpur, Sargodha. No irregularity was however proved to have been committed.

(b) No. This is not true.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ضمنی سوال۔

راجہ محمد افضل خان : نہیں جی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اچھا جی اگلا سوال نمبر ۱۷۶۔

176. ***Raja Muhammad Afzal Khan :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state :

(a) number of raids conducted by the FIA on different offices of WAPDA from January 1991 to August 1992 ; and

(b) number of officers booked during said raids?

Jam Muhammad Yousuf : (a) The number of raids conducted by FIA on different offices of WAPDA from January, 1991 to August, 1992 was as under :-

Power Wing	24
Water Wing	1

	25

(b) The number of officers booked during the above raids was:-

Power Wing	9
Water Wing	2

	11

میڈم ڈپٹی چیئر مین : ضمنی سوال۔

راجہ محمد افضل خان: جی ہاں۔ انہوں نے "بی" کے جواب میں کہا ہے کہ Number of officers during the above raid power wing 9 water wing 2 میں صرف یہ جاننا چاہوں گا کہ آیا یہ جو آفیسرز book ہوئے raid میں، یہ ان کے خلاف cases register ہوئے ہیں آیا یہ behind the less ہیں، یا بصورت دیگر ان کے خلاف کیا ایکشن ہو رہا ہے اب تک؟

راجہ نادر پرویز خان: جب کسی کے خلاف raid ہوتا ہے یا allegation ہوتی ہے تو جناب پہلے اس کو suspend کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد انکوائری ہوتی ہے these officers are suspended لیکن ان کے خلاف انکوائری ابھی تک چل رہی ہے ابھی تک فیصلہ نہیں ہوا۔

راجہ محمد افضل خان : یہ محترم وزیر صاحب جو بات کر رہے ہیں وہ ہوتا ہے محکمانہ انکوائری میں، بات یہ ہے کہ یہ میں نے اپنے سوال میں F.I.A. کی raid کے متعلق پوچھا ہے بڑا واضح سوال یہ ہے کہ the number of raids conducted by FIA, on different offices of WAPDA from January, 1991 to August 1992 یہ میرا سوال تھا اور جس پر agencies یا پولیس چھاپہ مارتی ہیں۔ ان کا یہ نہیں ہوتا کہ وہ ان کو پہلے معطل کیا جائے اور اس کے بعد یہ کیا جائے اگر raid ہوا ہے تو definite جو بھی وہاں کوئی

کوئی embezzlement mis appropriation charges بھی ہوں گے اس پر ان کو پہلے arrest کرنا ضروری ہوتا ہے اس میں یہ نہیں ہوتا ہے کہ suspend کردو اور انکوائری کرو، میں ایف آئی اے کی بات کر رہا ہوں یہ محکمے کی بات نہیں ہے؟

راجہ نادر پرویز خان: جناب محترمہ چیئرپرسن! سوال ۷۵ اپر بھی F.I.A. کا raid ہوا تھا Shahpur and there was nothing found against those people اسی طرح شکایات پہ FIA raid کرتی ہے کہیں غیر قانونی کنکشن ہوتے ہیں کہیں mis appropriation of funds ہیں۔ جہاں ان کو شکایت ملتی ہے FIA چھاپہ مارتی ہے لیکن ایف آئی اے کے چھاپے کے بعد ایک procedure ہے وہ تحقیقات کرتی ہے اس کے بعد کیس عدالتوں میں جاتا ہے ان کے بعد سزا ہوتی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جی سپلیمنٹری سوال۔

جناب عالم علی لالیکا: محترمہ میرے فاضل دوست راجہ صاحب نے پوچھا ہے کہ کس طرح لوگوں کے خلاف raids ہوئے اور کتنے لوگوں کو Book کیا گیا۔ تو جواب میں آیا ہے کہ water wing میں صرف ایک آدمی کے خلاف raid ہوا اور book دو آدمی ہوئے۔ یہ دوسرا آدمی بیچارہ *suo motto book* ہو گیا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: راجہ نادر پرویز صاحب۔

راجہ نادر پرویز خان: محترمہ! چوبیس raids ہوئے تھے power wing میں ایک raid ہوا تھا water wing میں، صرف ایک آدمی کے خلاف نہیں تھا، ایک raid تھا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جناب عالم علی لالیکا صاحب۔

جناب عالم علی لالیکا: جواب میں یہ لکھا ہے A number of officers booked during the above raids were power wing-9 ہم مانتے ہیں کہ چوبیس میں سے نو book ہو گئے ہوں گے اور پندرہ کے خلاف انکوائری ہو رہی ہو گی۔ لیکن یہ جو واٹر ونگ ہے اس میں raid ایک آدمی پہ ہوا ہے لیکن book دو آدمی ہو گئے ہیں۔ تو یہ ڈپلیکیشن کیا ہوئی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : راجہ نادر پرویز صاحب۔

راجہ نادر پرویز خان: جناب میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ ایک raid میں دس آدمی بھی book ہو سکتے ہیں۔ لازمی نہیں کہ ایک raid ایک آدمی کے لئے ہو۔ یہاں جو آدمی book ہوئے، جن کے خلاف charges ہیں وہ ٹوٹل ۵۰ لوگ ہیں۔ ۵۰ آدمی ہیں اور ایک کنٹریکٹر ہے۔ ۵۱ آدمی ہیں جن کے خلاف ایف آئی اے نے raid کیا تھا۔ یہ لازمی نہیں کہ ایک raid کے لئے ایک آدمی ہو۔ ایک raid کے لئے ۱۰ آدمی بھی book ہو سکتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب راجہ محمد افضل صاحب۔

راجہ محمد افضل خان : لالیکا صاحب نے شاید پرانا غصہ نکالنے کے لئے راجہ نادر پرویز پر سوال کر دیا ہے، سوال بنتا نہیں تھا۔ یہ offices کی بات تھی، نیچے number of offices کی بات ہے۔ شاید وہ سمجھ نہیں پائے۔ میں وزیر موصوف سے صرف یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ جناب والا آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ ہمارا یہ ایک طریقہ کار ہوتا ہے۔ ایف آئی اے کوئی آپ کی ایجنسی نہیں ہے۔ کوئی ان کا subordinate ارادہ نہیں ہے۔ independent ایجنسی ہے وفاقی حکومت کی اور یہ کہتے ہیں کہ ہم نے ان کو ایک طریقہ کار بتایا ہوا ہے کہ آپ raid کریں، suspend کریں، انکوائری کریں، اس کے بعد ہو گا۔ میرا سوال تو بڑا simple تھا کہ جتنا بھی یہ کہتے ہیں کہ book ہوئے ان آفیسرز میں کتنوں کے خلاف پرچے ہوئے ہیں۔ اگر کیسز رجسٹرڈ ہوئے ہیں تو ان کو پھر یا تو bailbefore arrest پہ ہونا چاہیئے تھا یا ان کو جیل میں ہونا چاہیئے تھا۔ سوال بڑا سادہ ہے لیکن یہ پتہ نہیں کہ اس کا جواب کیوں نہیں دینا چاہتے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب راجہ نادر پرویز صاحب۔

راجہ نادر پرویز خان: انہوں نے مختلف آفیسرز واپڈا کی information مانگی ہے جن پر ایف آئی اے نے ریڈ کیا جنوری ۱۹۹۱ء سے اگست ۱۹۹۲ء تک اور اگر specific آنسر

چاہتے ہیں تو freshسوال کریں۔

راجہ محمد افضل خان : جا چھوڑ دیا تجھے حافظ قرآن سمجھ کر۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین : سوال نمبر ۱۷۷۔

177. ***Raja Muhammad Afzal Khan :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state :

(a) the number of projects WAPDA for approved from the Ministry of Finance during the year 1991-92 ; and

(b) number of projects WAPDA got approved by Ministry of Finance without taking into confidence the Ministry of Water and Power, during this period ?

Jam Muhammad Yousuf : (a) Development project in Water or Power Sector are not approved by the Finance Division. Water Sector projects are approved by the Executive Committee of the National Economic Council (ECNEC) whose Chairman is Finance Minister. Power Sector projects are approved by Cabinet Committee on Energy. During 1991-92, six projects of power generation, one porject of transmission and nine projects of Water Sector were approved by the government.

(b) None.

میڈم ڈپٹی چیئر مین : کوئی ضمنی سوال نہیں۔اگلا سوال نمبر ۱۷۸۔

178. ***Mr. Manzoor Ahmed Gichki :** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state :

(a) the demurrage paid by the O.G.D.C. from March 1986 to September, 1986 (6 months) indicating also the year-wise demurrage paid since September, 1986 onward ; and

(b) the amount of procurement orders placed with the foreign companies from January, 1986 to May 1991; indicating also the demurrage if any paid by it?

Ch. Nisar Ali Khan : (a) The amount of demurrage paid by OGDC from March 1986 to September 1986 and year-wise demurrage

paid since September 1986 onward (months givn financial year-wsie) is given below :

Month	Import Value Rs.	Demurrage Amount Rs.
Mar. 86 to Sep. 86	0,477,417,071.00	3,348,079.00
Oct. 86 to June 87	0,699,115,611.00	4,734,279.00
Jul. 87 to June 88	0,714,701,870.00	066,473.00
Jul. 88 to June 89	0,909,659,819.00	0,652,853.00
Jul. 89 to June 90	0,352,491,620.00	0,748,341.00
Jul. 90 to June 91	1,263,298,051.00	7,235,695.00
Jul. 91 to June 92	1,446,602,458.00	9,070,190.00
Jul. 92 to Aug. 92	099,083,060.00	1,007,008.00

(b) period	Import Value Rs.	Demurrage Amount Rs.
Jan. 86 to June 91	4,522,087,073.00	18,425,637.00

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ضمنی سوالات۔ جناب منظور احمد گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی : میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ ۹۱۔۱۹۹۰ء اور ۹۲۔۱۹۹۱ء میں یہ جو demurrage کا ratio ہے اس کی وجوہات، پہلی بات تو یہ ہے کہ demurrages کیوں ہوئے اس پورے پیریڈ میں اور یہاں پر یہ ratio کیوں اتنا زیادہ ہے۔ ۱۹۹۰ء سے ۱۹۹۱ء اور جون ۱۹۹۱ء سے جون ۱۹۹۲ء یہ اتنا demurrage کیوں ہوا ہے، ان کی وجوہات کیا ہیں۔

Madam Deputy Chairman : Honourable Minister for Petroleum and Natural Resources.

چوہدری نثار علی خان : اس سلسلے میں کئی وجوہات ہیں اور گچکی صاحب کو یاد ہو گا کہ

پچھلے جب ہماری میٹنگ ہوئی تھی، committee for Petroleum and Natural Resources کی، اس میں انہوں نے یہ پوائنٹ اٹھایا تھا اور میں سمجھا کہ کافی valid point ہے اور ہم نے چیئرمین کو کہا تھا کہ اس کی وضاحت کریں۔ انہوں نے اس میں یہی کہا تھا کہ اس میں کچھ octroi despute بھی رہی K.M.C. کے ساتھ، کچھ restricted اور bonded items ہیں۔ ان کے بارے میں کلیئرنس ان کو نہیں مل سکی۔ انہوں نے محسوس کیا کہ یہ restricted نہیں ہیں۔ منسٹری کا کچھ اور view تھا۔ وہ بھی کافی عرصہ پڑے رہے اور پھر clear ہوئے۔ پھر ٹرانسپورٹرز کے fault کی وجہ سے۔ تو پھر یہ وہاں طے ہوا اور میں نے بھی agree کیا، گچکی صاحب بھی تھے اور باقی بھی سنیٹر حضرات تھے کہ اس میں بہت زیادہ improvement گنجائش ہے۔ اس سلسلے میں پھر ہم نے ایک سٹینڈنگ کمیٹی form کر لی ہے، O.G.D.C. کے level پر جو کہ اب ہر کیس کو scrutinize کرتی ہے اور ہم کوشش کر رہے ہیں کہ انشاء اللہ آئندہ چند مہینوں میں جو results آئیں گے وہ اس سے بہت بہتر آئیں گے۔ اس وقت جو پوزیشن ہے وہ یہ ہے کہ ہم week to week basis ان کی ministry level پر، جو کہ ہمیں نہیں لینی چاہیئے۔ مگر honourable Senator کی suggestion پر ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس میں O.G.D.C. کو improvement کی ضرورت ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : منظور گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی : میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جو figures یہاں دیئے گئے ہیں چونکہ آپ نے خود figures نہیں بنائے ہیں آپ کی ministry نے بنائے ہوئے ہیں، یہ دیئے ہوئے ہیں، جو بھی ہیں۔ اگر یہ فگرز غلط ہو گئے اور میں نے ثابت کیا ہے figures غلط ہیں، تو کیا آپ ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کریں گے؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب نثار علی خان صاحب۔

چوہدری نثار علی خان : یقیناً، اس میں تو کوئی شک و شبہ نہیں ہے۔ میرے خیال میں

حکومت کو اس قسم کی written instructions ویسے بھی پاس کرنی چاہئیں کہ سینٹ اور قومی اسمبلی کے اندر اگر غلط information دی جائے تو اس کے خلاف سخت کارروائی ہو گی۔ تو written instructions موجود ہیں اور ہم نے اس سے پہلے بھی کارروائی کی ہے مگر اس میں صرف دو گزارشات ہیں۔ اول تو یہ ہے کہ marginal تھوڑا بہت کسی نہ کسی چھوٹی موٹی غلطی سے ہو تو وہ در گزر کیا جائے۔ دوسرا خواہ وہ intentional ہے یا unintentional، کیا کسی چیز کو چھپانے کے لئے کیا گیا ہے یا کوئی حساب کتاب میں کمی بیشی ہوئی ہے۔ مگر میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر ایسا کوئی point out کریں کہ جس کا مقصد یہ ہو کہ سینٹ سے کوئی چیز چھپائی جا رہی ہے تو ہم اس کے خلاف سخت ایکشن لیں گے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : گچکی صاحب اب تو منسٹر صاحب نے یقین دلا دیا ہے۔

جناب منظور احمد گچکی : نہیں جناب میری سنیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہر سال audit ہوتا ہے۔ یہ بھگوان داس کی تو کوئی دکان نہیں ہے کہ یہاں پر کسی کو پتہ نہ ہو۔ یہ تو audit ہوتا ہے اور audit میں ایک پیسہ ادھر سے ادھر نہیں ہوتا۔ ممکن ہے کہ غلطی سے ہو۔ لیکن میں یہ ثابت کرنے کو تیار ہوں کہ یہ figures جو دیئے گئے ہیں ان میں سے اکثر figures خصوصاً جو ۱۹۸۸ء اور ۱۹۷۹ء اور اس کے بعد کے جو figures ہیں وہ غلط ہیں۔ اگر میں اس کو ثابت کر سکا تو مجھے یقین ہے کہ وہ اپنے وعدے کے مطابق اپنے اہلکاروں کو جنہوں نے ان کو غلط information دی ہے ان کے خلاف تادیبی کارروائی کریں گے، میں یہ کہنا چاہتا ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : کوئی اور ضمنی سوال نہیں۔ اگلا سوال نمبر ۱۷۹ منظور گچکی صاحب۔

179. ***Mr. Manzoor Ahmed Gichki :** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to bifurcate the OGDC as OGDC Southern and OGDC Northern?

Ch. Nisar Ali Khan : No. There is no such proposal under consideration of the Government.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی : جناب والا وزیر موصوف نے یہاں پر فرمایا کہ جی نہیں حکومت کے زیر غور نہیں ہے، یہ ان کا جواب ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ، یہ میں سمجھتا ہوں، کہ یہ بلوچستان کا right ہے کہ ایک wing کا آفس وہاں پر قائم کیا جائے اور اسے shift کیا جائے۔ جیسا کہ ان کی اپنی حکومت کی طرف سے، ان کے اپنے Prime Minister کی طرف سے written commitment ہیں O.G.D.C. کے ایک سیکشن کو بلوچستان میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔ کیا وزیر موصوف اپنے Prime Minister کے written commitment کو own کر کے اس کو وہاں پر shift کریں گے کہ نہیں؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین : چوہدری نثار صاحب۔

چوہدری نثار علی خان : میں حیران ہوں کہ Prime Minister of Pakistan کی written commitment Ministry of Petroleum and Natural resources کے پاس نہیں آئیں، گچکی صاحب کے پاس کیسے پہنچ گئیں؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین : منظور احمد گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی : میرے پاس ہے جی۔ آپ کو یاد ہو گا کہ جس وقت ۱۹۹۰ء میں vote of no confidence ہو رہی تھی تو یہ written agreement تھا IJI کے درمیان اور ہمارے درمیان۔ وہ written agreement آپ کے پاس بھی پڑا ہوا ہے۔ آپ اس میں دیکھیں کہ چوہدری شجاعت صاحب نے، جتوئی صاحب نے اور جتنی ان کی ہیں اور پھر ان کو پوچھ کے، جب وہ پنجاب کے Chief Minister تھے تو انہوں نے agree کیا تھا، وہ on record ہمارے پاس موجود ہے، in writing موجود ہے۔ اس commmitment کو own کریں گے کہ نہیں؟

چوہدری نثار علی خان: جناب میں گچکی صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ میں جناب مصطفیٰ جتوئی صاحب سے مشورہ کر کے میں ان کو جواب دوں گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : کوئی اور ضمنی سوال؟ next question منظور احمد گچکی۔

180. ***Mr. Manzoor Ahmed Gichki :** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state :

(a) whether the Government has scrutinized domicile certificates of those persons from Balochistan who are working in the OGDC and its subordinate organizations ; and

(b) the number of persons whose domicile certificates have not been found genuine and the action if any taken there-on?

Ch. Nisar Ali Khan : (a) Yes.

(b) None.

جناب منظور احمد گچکی : جناب والا میرا ضمنی سوال ہے۔ اور میرے خیال میں اس معزز ایوان میں بلوچستان سے جتنے بھی ممبران بیٹھے ہوئے ہیں قطع نظر اس کے کہ وہ کس پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کی سب سے بڑی demand ہے کہ جو بھی ملازمتیں دی گئی ہیں مختلف محکموں میں.......... (مختصر وقفہ)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب۔

جناب منظور احمد گچکی : میں عرض کرنا چاہوں گا کہ اس معزز ایوان میں بلوچستان سے جتنے بھی لوگ بیٹھے ہوئے ہیں ان سب کی ایک مشترکہ demand رہی ہے کہ بلوچستان کے نام پر لوگوں نے اپنے اثر و رسوخ کی وجہ سے یہاں ڈومیسائل بنائے ہیں اور ملازمتیں حاصل کی ہیں۔ ہماری مستقل ڈیمانڈ رہی ہے کہ بلوچستان حکومت کو یہ تمام local certificates refer کئے جائیں گے تاکہ وہ verify کریں۔ کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں بلکہ ہم وثوق سے کہتے ہیں کہ ان میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جن کا تعلق بلوچستان سے

نہیں ہے۔ کیا میں یہ امید رکھوں وزیر موصوف سے کہ کبھی، یعنی صوبائی حکومت کو، اس سال یا دو مہینے کے بعد یا کبھی بھی، وہ اسے بھیجیں گے verification کے لئے یا صرف یہ نہیں کہ الفاظ ادا کرتے رہیں گے۔

چوہدری نثار علی خان : یہ مسئلہ وہی ہے جو سٹینڈنگ کمیٹی میں گچکی صاحب نے اٹھایا تھا۔ اور اس میں ہمیں چند شکایات ملی تھیں جو ہم نے refer کیں۔ یہ نہیں کہ ابھی تک صوبائی حکومت کو۔ اس سلسلے میں ہم نے جن کے بارے میں شکایات ملی تھیں یا جن کے بارے میں از خود کوئی شک و شبہ تھا۔ ہم نے وہ صوبائی حکومت بلوچستان کو بھیجے کہ آپ ہمیں cross check کر کے دیں۔ وہاں سے یہی رپورٹ ہمیں ملی کہ یہ ڈومیسائل وہیں سے بنے ہوئے ہیں اب اس سلسلے میں Ministry یا OGDC کی جو powers ہیں وہ بڑی محدود ہیں there is no weak way in cross check, whether a particular individual holding a particular domicile actually comes from that Province or not. تو اس سلسلے میں جو طریقہ کار وہ طے کریں۔ یہ تو شاید ممکن نہ ہو کہ ہم تمام بلوچستانیوں کے ڈومیسائل چیک کرانے کے لئے صوبائی حکومت کو بھیج دیں مگر کوئی ایسا آدمی کوئی ایسا شخص کوئی ایسا ملازم جس کے بارے میں ہمیں رپورٹ آتی ہے ہم اسے cross check کرتے ہیں۔

سید فصیح اقبال : ضمنی سوال۔ میں وزیر موصوف کے اعلان کا خیر مقدم کرتا ہوں بات یہ ہے ۸۷ء میں جب جونیجو صاحب کی حکومت تھی تو اس وقت ہم لوگوں نے سینیٹروں نے جب کہا تو ایک کمیٹی بنی ہوئی تھی کہ چیف سیکرٹری بلوچستان اور منتخب نمائندے وہاں بیٹھیں۔ جس پر شکایت ہو اسے دیکھیں۔ اس میں تین cases نکلے تھے۔ CBR نے نکال لیے تھے۔ اور وہ رٹ بھی ہوئی high court میں اور جس آدمی نے بنایا تھا کہ یہ ڈومیسائل غلط ہیں وہ جیت گیا۔ اس میں صرف یہ کہ یہ establishment کا کام ہے۔ اور جتنے حکومت کے ملازم ہیں ہمیں ان پر اعتراض ہے۔ یہ جعلی کس طرح بناتے ہیں۔ حکومت کے وہاں

پندرہ سولہ محکمے ہیں۔ جس میں GSP ہے، ریلوے ہے، Post and Telegraph ہے، آرمی ہے۔ اس قسم کے لوگ، وہاں جو بچے پڑھتے ہیں ان کے ڈومیسائل بن جاتے ہیں۔ اس پر اعتراض ہے۔ وہ اگر وہاں کے رہنے والے ہوں تو ہمیں اعتراض نہیں ہے۔ ان کی چیکنگ بہت آسانی سے ہو سکتی ہے۔ جس کے بارے میں آپ کو شکایت ہو وہ آپ صوبائی حکومت کو بھیج دیں اور Establishment Division میں ایک سیل بنا دیں تاکہ یہ آئے دن جو روزانہ ہم لوگوں کو شکایتیں ہیں ان کا مکمل سدباب ہو جائے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: یہ مسئلہ جس کا ایک پہلو سید اقبال صاحب نے بیان کیا اور کچکی صاحب نے، شکریہ کے علاوہ انہوں نے جو شکریہ ادا کیا ہے حکومت کا، بات یہ ہے کہ یہاں سے لوگ وہاں بغیر رہائش کے اکثریت یہاں بیٹھے ہی وہاں سے ڈومیسائل بنوا لیتے ہیں۔ یہ ہر ایک کیس نہ ہم کر سکتے ہیں اور نہ اسے چیک کر سکتے ہیں۔ یہ ممکن ہی نہیں۔ البتہ یہ ہے کہ یہاں پارلیمنٹ سے ممبرز کو associate کیا جائے تمام فیڈرل محکموں میں، کیا وزیر موصوف یہ یقین دلا سکیں گے کہ یہاں سے ان کی، .O.G.D.C میں پارلیمنٹ کے ممبران کو associate کیا جائے گا کہ ان کو ہم scrutinize کریں؟ اور اسی طرح پھر فیڈرل گورنمنٹ میں مجموعی .... وہ چونکہ نہیں کر سکیں گے اس لئے میں صرف ایک .O.G.D.C کی بات کر رہا ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: چوہدری نثار علی خان صاحب۔

چوہدری نثار علی خان: محترمہ، معزز سینیٹر کی یہ تجویز قابل عمل ہی نہیں ہے۔ اب کسی ایک محکمے کے ساتھ ڈومیسائل کے مسئلے میں اگر آپ associate کر لیں سینیٹرز یا ایم این ایز یا ایم پی ایز کو اور باقی محکموں کا وہی حال رہے تو ایک تو یہ inconsistency ہے اور دوسرا میرا خیال ہے کہ یہ اسی کے سپرد کام رہنے دیں جن کی ذمہ داری ہے، اور وہ صوبائی حکومت کی ہے۔ میرا خیال ہے کہ اصل issue یہ ہے کہ صوبے سے جو ڈومیسائل دیئے جاتے ہیں وہ صحیح ہیں یا نہیں۔ تو اس سلسلے میں ہم بلوچستان حکومت کو، باقی حکومتوں کو بھی

ایک دفعہ پھر لکھتے ہیں کہ وہ cross check کریں اور ڈومیسائل دیتے وقت وہ اس بات کا تعین کر لیں کیونکہ یہ بہر صورت ذمہ داری ہے......... تو جہاں تک O.G.D.C. کے ملازمین کا تعلق ہے میں چیئرمین O.G.D.C. کو کہتا ہوں کہ جہاں تک ممکن ہو شکایت کے علاوہ بھی اگر ہم، تمام وہ لوگ جو بلوچستان کے ڈومسائل پر ملازم ہیں۔ یہ کہاں تک ممکن ہے کہ ہم ان کی cross checking کریں اگر یہ ممکن ہوا تو ہم سب کی cross checking کریں گے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: سوال نمبر ۱۸۱ سید اقبال حیدر۔

181. ***Syed Iqbal Haider :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state :

(a) the reasons for delay in supply of cables in the WAPDA Offices in Rawalpindi particularly in Cantt. division Office; and

(b) the number of applicants of Railway Housing Scheme No. 1, Chaklala, Rawalpindi who have already deposited the amount of demand notices and the time by which electric connections will be provided to them?

Jam Muhammad Yousuf : (a) The delay in supply of cables in the WAPDA Offices in Rawalpindi was due to heavy demand for new connections in the villages electricfied in Islamabad Area Electricity Board. The cables are being used to meet the heavy requirements for new connections in the villages being electrified.

(b) The number of applicants of Railways Housing Scheme No. 1 Chaklala Rawalpindi was 5 and all connections have been installed.

Syed Iqbal Haider : It is not the day for questioning this Government, this Government does nto respect any law or rule or Constitution, I am here to ask these illegitimate bunch of rulers.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : سوال نمبر ۱۸۲۔ بہرہ ور سعید صاحب آپ بیٹھ جائیں۔

(قطع کلامی)

(اجلاس کی کارروائی پندرہ منٹ کے لئے ملتوی کر دی گئی)

(وقفہ کے بعد کی کارروائی)

<u>سید عبداللہ شاہ</u> : پوائنٹ آف آرڈر۔

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : سید عبداللہ شاہ صاحب پوائنٹ آف آرڈر،

<u>سید عبداللہ شاہ</u> : ہم نے privilege motion move کی ہوئی ہیں۔

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : وقفہ سوالات کے بعد آپ مناسب طریقے سے move کریں سب کو، میں سنوں گی اور ان کو لوں گی۔

<u>سید عبداللہ شاہ</u> : میری یہ گزارش تھی کہ اگر آپ مناسب سمجھیں، because it is a very important issue.

<u>جناب اعجاز علی خان جتوئی</u> : میڈم، یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : میں وقفہ سوالات کے بعد سب کو سنوں گی اور.......... اعجاز جتوئی صاحب، میں کہہ رہی ہوں کہ میں آپ کی motions کو لوں گی۔ میں نے ہمیشہ آپ کی بات سنی ہے۔

<u>جناب اعجاز علی خان جتوئی</u> : ہم درخواست کرتے ہیں کہ ان کو پہلے لیا جائے۔

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : میں proper طریقے سے ان کو لوں گی۔ آپ تشریف رکھیں۔

I draw your attention to Rule 236, Rule 236 says; that with the consent of the Chairman I can make a request to the House to suspend the rules.

شاہ صاحب، ابھی دو تین سوالات کا وقت ہی رہ گیا ہے، میں خود یہ motions لیتی ہوں۔

<u>سید عبداللہ شاہ</u> : ٹھیک ہے جی، but we should be given full opportunity to speak.

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : سوال نمبر ۱۸۲۔ سید فصیح اقبال صاحب،

182. ***Syed Faseih Iqbal :** Will the Minister for Petroleum and

Natural Resources be pleased to state whether the Regional Office of Southern Gas Company at Quetta was being up graded to the status of a Directorate as Committed by him during his last visit to Quetta and if so when?

Ch. Nisar Ali Khan : No. Such a commitment was not made.

سید فصیح اقبال : میں وزیر موصوف کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ وزیر اعظم صاحب نے کوئٹہ کے پہلے دورہ کے موقع پر، ہمارے ایم این اے اور سینیٹرز کی موجودگی میں وعدہ کیا تھا کہ سوئی گیس کا دفتر کوئٹہ میں لایا جائے گا۔ میں نے اس چیز کا مطالبہ تمام موجود اراکین کی موجودگی میں وزیر اعظم صاحب سے کیا تھا اور اس کی وجوہات بھی بتائی تھیں کہ یہاں لانے کی وجوہات کیا ہیں۔ میں نے ان کو یہ بتایا تھا کہ چونکہ گیس یہاں سے نکلتی ہے، یہاں دفتر سے بلوچستان کی econimic activity میں فرق پڑے گا۔ ہمارا یہ پورا علاقہ جو ہے یہ معدنی ذخائر سے مالا مال ہے۔ یہاں دفتر لانے سے اس کا politics ر بھی اچھا اثر پڑے گا اور بلوچستان کے لوگوں کو زیادہ روزگار ملے گا تو وزیر صاحب نے یہ کہا تھا کہ فوری طور پر تو یہ دفتر یہاں منتقل نہیں کیا جا سکتا، لیکن انہوں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ یہاں کے دفتر کا status بڑھاؤں گا اور منیجر کا status بڑھا کر ڈائریکٹر ہو جائے گا۔ ان کی اس تجویز کے بعد میں خاموش ہو گیا کہ یہ بھی ان کی ایک اچھی تجویز ہے۔ اگر یہ دفتر ڈائریکٹر کے status تک بھی ہو جائے تو بلوچستان کے وہ مسائل جن کے لئے کراچی جانا پڑتا ہے، وہیں حل ہو جایا کریں گے۔ اب یہاں جواب میں لکھا ہوا ہے (No) تو میں وزیر صاحب کو اس موقع کے اوپر کہی بات یاد دلانا چاہتا ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : چوہدری نثار علی خان صاحب۔

چوہدری نثار علی خان : میں اس سلسلے میں معذرت خواہ ہوں کہ ایک confusion create ہوئی ہے۔ معزز سینیٹر کی بات بالکل درست کہ وہاں یہ مطالبہ آیا تھا۔ اور میں نے یہ بھی کہا کہ فی الحال یہ ممکن نہیں ہے کہ کراچی سے دفتر کوئٹہ منتقل کیا جا سکے تاہم میں نے ان کا یہ مطالبہ ضرور مانا تھا کہ اس کو ہم beef up کریں گے، اس کا جو profile ہے،

manager level کا،اس کو بڑھائیں گے تو میں نے اس کے بعد Sui Southern سے بات کی۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ ان کا جو ایک administration set up ہے اس میں directorate کی گنجائش نہیں ہے اس کی جو division ہے within the adminis-trative set up اس میں directorate کی گنجائش نہیں ہے سو، یہ جواب اس کو سامنے رکھتے ہوئے دیا گیا ہے۔ اگر معزز سینیٹر کو یاد ہو تو میں عرض کرتا ہوں کہ میں نے directorate کی commitment نہیں کی تھی میں نے یہ ضرور کہا تھا کہ ہم اس کا status جو ہے وہ ضرور بڑھائیں گے۔ اب وہ status کس طریقے سے بڑھایا جا سکتا ہے۔ کیونکہ regional manager کے بعد ہیڈ آفس ہے، یہ جو پورا علاقہ ہے یہ تین areas میں divided ہے اس کا ایک طریقہ کار جو میرے ذہن میں ہے وہ یہ ہے کہ بجائے منیجر لیول کے ، جس کا وہاں آفس ہو گا اس کا level بڑھا دیں گے، مجھے walk out کرنے دیں انشاءاللہ میں اسی مہینے میں اس کا کوئی ایسا نظام لے کر آؤں گا جس کے تحت وہاں کا مرتبہ اور profile کوئٹہ میں بڑھ جائے گا۔

سید فصیح اقبال : میں اس یقین دہانی کا خیر مقدم کرتا ہوں لیکن یہ ضروری ہے کہ جب آپ اس کے بارے میں مشورہ لیں تو اپنے منتخب نمائندوں سے بھی مشورہ لیں جن کا بلوچستان سے تعلق ہو۔ دفتر والوں کی مرضی ہو گی کہ ان کا کوئی آدمی بھی shift نہ ہو لیکن جب ایسے سیاسی فیصلے ہوں تو کم از کم آپ وہاں کے منتخب نمائندوں کو بھی اعتماد میں لیں تاکہ وہ بھی بلوچستان کی معاشی ترقی کے لئے اپنا بھرپور رول ادا کر سکیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اگلا سوال ۱۸۳۔ میاں عالم علی لالیکا۔

183. ***Mian Alam Ali Laleka :** Will the Minister for Water and Power be pleased to refer to Senate Starred Question No. 1 replied on 4th November, 1991 and state :

(a) whether it is a fact that village Dharnoian, Tehsil Kotli Sattian was approved for electrification during the last financial year, if so, the reasons for not electrifiying the village during that period ; and

(b) the present stage of work done on it and the time by which it will be electrified?

Jam Muhammad Yousuf : Village 'Dharnoian' nominated during 1991-92 for electrification in the quota of Senator Mahmood Ahmed Minto. It was unfeasible and was substituted by the Senator with Village Kahuti, Tehsil Murree. The work is in progress and will be completed by the end of November, 1992.

Mian Alam Ali Lalika : No supplementary.

Syed Abdullah Shah : On what grounds the electrification of this village was found not feasible ?

Raja Nadir Pervaiz : Distance wise, it was ten kilometers away.

Syed Abdullah Shah : Is it a fact that the Prime Minister on his last visit to Kotli Station declared that this Kotli will be electrified and if yes, then why this village is not possible to be electrified?

راجہ نادر پرویز خان: پہلے یہ گاؤں، سینیٹر منٹو صاحب نے دیا تھا۔

Syed Abdullah Shah : No, my question is that whether the Prime Minister declare and that Kotli Sattian will be electrified, if the answer is 'yes' then why this village has not been electrified?

راجہ نادر پرویز خان: It is not in my knowledge جہاں تک اس گاؤں کی electrification کا تعلق ہے وہ ہم نے جواب دیا ہے کہ منٹو صاحب نے کہا تھا، اس بارے میں، اور ہم نے ان کو جواب دیا تھا کہ جی، یہ feasible نہیں ہے کیونکہ اس کا distance 11 kilometers لائن سے دور ہے اور پھر انہوں نے دوسرا گاؤں دے دیا اور وہ ہم electrify کر رہے ہیں۔ by the end of this month that will be electrified. جہاں تک وزیراعظم کے directive کا تعلق ہے I don't have any information Sir, he can have a fresh question and I will answer that.

Madam Deputy Chairman : Any other supplementary?

Mr. Akhunzada Behrawar Saeed : Whether the condition of this ten kilometer distance can be relexed in particular cases?

راجہ نادر پرویز خان: دو جگہ سے ہمیں loans ملتا ہے، فنڈز آتے ہیں کہ جاپانی فنڈ ہوتا ہے then there is a World Bank ان کا criteria ہے and we have to go strictly according to the criteria.

Madam Deputy Chairman : Next question No. 184.

184. ***Mian Alam Ali Laleka :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state the present stage of work done on the electrification of village Nirkhian, Tehsil and District Jhelum and the time by which it will be electrified?

Jam Muhammad Yousuf : The electrification work of village Nirkhian is in progress and will b completed by the end of November, 1992.

Madam Deputy Chairman : Question Hours is over. Leave applications.

سید محمد فضل آغا : پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جی۔

سید محمد فضل آغا : میڈم چیئرمین صاحبہ، ابھی وقفہ سوالات کے ۱۰ منٹ ہیں میرا خیال ہے کہ آپ نے پندرہ منٹ کا بریک بھی اس مین ڈال دیا ہے۔ ہمارے سوالات پیچھے رہ رہے ہیں مہربانی کر کے یہ وقت نکال دیں تاکہ ہمارے جو سوال باقی بچ رہے ہیں ان کو بھی لے لیا جائے۔

Madam Deputy Chairman : No, Question Hour is over.

سید محمد فضل آغا : میں آپ کا decision تو اس لئے نہیں مان سکتا ہوں کیونکہ آپ نے پندرہ منٹ کا بریک بھی اس میں ڈال دیا ہے۔ محترمہ ابھی پچاس منٹ ہوئے ہیں اور دس منٹ بقایا ہیں وقفہ سوالات کے۔

Madam Deputy Chairman : Remaining questions are taken as read.

Syed Muhammad Fazal Agha : I think it is unfair.

†185.***Syed Iqbal Haider :** Will the Minister for Environment and Urban Affairs be pleased to state whether the Pakistan environment Protection Council has been constituted if so, number of meetings held by the Council so far?

Mr. Anwar Saifullah Khan : Pakistan Environmental Protection Council has been constituted. No meeting of the Council could be held so far. The first meeting of the Council is however, expected to be held shortly.

186. ***Syed Iqbal Haider :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state :

(a) the total number of consumers of electricity separately in each province including Karachi during the past three financial years;

(b) the total electricity charges including FAC surcharge recovered from the consumers in each province including Karachi during the above period; and

(c) the total amount due and payable by Ministries/Divisions, Provincial Governments, their Departments, State Enterprises or Authorities as well as any Local Government or Authority during the said period, with department wise break-up?

Jam Muhammad Yousuf : The information asked in the question is time consuming to collect and WAPDA and KESC have been requested to prepare this information and to provide to this Ministry. As soon as the information is received the same will be placed before the Senate.

187. ***Mian Alam Ali Laleka :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the Superintendent WAPDA sub-division Latamber, Tehsil and District Karak is also performing the duties of a meter inspector if so the total amount of fine imposed by him during the last six months, indicating also the particulars of the consumers whose fines were written off with reasons; and

---

†(The Question Hours being over, the remaining questions and answers were placed on the table of the House.)

(b) the number of complaints received against the official and the action if any, taken against him?

Jam Muhammad Yousuf : (a) No post of meter inspector exists in Latamber Sub-Division. However, a Line Supt-II Mr. Muhammad Azam is performing the duty of detection. The detection bills issued during the last 6 months amount to Rs. 334,117. The particulars of the consumer, whose fines were written off with reasons for the same are given below :

	Name of Consumer	Amount withdrawn	Remarks
		Rs.	
1.	Mohd Usman	2,976	After investigation and in view of satisfactory consumption, the assessment withdrawn.
2.	Sanjeedur Rehman	6,816	The assessment withdrawn as per SDO (E) M & T Bannu, test result.
3.	Eid Badshah	1,844	As per 1 above.
4.	Muhammad Ishaq	2,175	As per 1 above.
5.	Gulab Khan	1,874	As per 2 above.
6.	Khial Gul	1,673	As per SDO re-investigation report the assessment withdrawn.

(b) No complaint has been received against any official during the last six months.

188. ***Syed Muhammad Fazal Agha :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state the time by which construction work of electricity to Toba achakzai will be completed?

Jam Muhammad Yousuf : The work on 33 KV line for Toba Achakzai has already been started. The work relating to transmission line and 33/11 KV grid station is likely to be completed by the end of next financial year *i.e.* 1993-94.

189. **Syed Muhammad Fazal Agha :** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state the time by which natural gas will be supplied to Mastung and Pishin?

Ch. Nisar Ali Khan : By 1993-94.

190. ***Eng. Syed Muhammad Fazal Agha :** Will the Minister

for Water and Power be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to link WANA and Zhob with 130 K.V. lines?

Jam Muhammad Yousuf : No.

191. ***Malik Muhammad Ali Khan :** Will the Minister for Housing and Works be pleased to state :

(a) the time by which allotment of houses on ownership basis will be made to Government Servants, in the next phase ;

(b) the number of plots and total number of applications received for each category ;

(c) the name of applicants by category their seniority of service and date of retirement?

Makhdoom Muhammad Javed Hashmi : (a) The scrutiny and processing of 10,956 applications received is expectd to take about 6 months. However, allotment of houses in respect of cleared cases will be started immediately.

(b) Category	No. of plots	No. of applicants received
1	2	3
I	125	0,414
II	642	3,602
III	813	2,866
IV	268	1,369
V	279	1,234
VI	698	1,471
	------	--------
Total :	2,825	10,956

(c) According to the criteria for selection laid down for Phase-II of the Housing Scheme, age-wise seniority lists of the applicants for

each category are being prepared. The same will be placed beofre the House as soon as finalised.

192. ***Dr. Muhammad Rehan :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to Shift WAPDA Head Quarters from Lahore to Islamabad, if so, when?

Jam Muhammad Yousuf : There is no such proposal at present.

193. ***Prof. Khurshid Ahmad :** Will the Minister for Housing and Works be pleased to refer to Question No. 79 replied on 8-7-1992 in the Senate and state the expected time by which the Committee will submit its recommendations?

Makhdoom Muhammad Javed Hashmi : The Committee held its first meeting on 29-7-1992, and has directed to collect the latest data relating to the allottees to facilitate suitable recommendations. The next meeting of the Committee is thus expected to be held as soon as the data becomes available. However, no target date has been set for the Committee to finalise and submit its recommendations.

UNSTARRED QUESTIONS AND THEIR REPLIES

22. **Mir Abdul Jabbar :** Will the Minister for Housing and Works be pleased to state :

(a) the total expenditure incurred on the construction of the under-ground tanks and the installation of electric motors in the area of the Block Nos. 1-25, Category III Sector G-10/2, Islamabad; and

(b) whether it is also a fact that since the construction of the said tanks, water is being supplied directly to the over-head tanks, if so, its reasons?

Makhdoom Muhammad Javed Hashmi : (a) Total expenditure incurred on under-ground Tanks (for Block Nos. 1-24) is as follow :-

Civil : Rs. 18,89,360.00
E/M : Rs. 08,68,192.00

Rs. 27,57,252.00

(b) Water is being supplied directly from the CDA mains as the underground tanks could not be made operational/functional for want of service connection from WAPDA to which partial payment has already been made.

However, no shortage of water has been reported to the Pakistan PWD Enquiry Office by the residents of the Blocks 1-24.

23. **Mir Abdul Jabbar :** Will the Minister for Housing and Works be pleased to state :

(a) the total number of complaints got registered in the Enquiry Office, G-10/2, Islamabad by the occupants of Houses in Block Nos. 1-24 Category III; and the action taken on them; and

(b) whether it is a fact that white-wish of the houses in said blocks has not been carried out for the last two years, if so, its reasons and the time by which it would be done?

Makhdoom Muhammad Javed Hashmi : (a) A Total number of 654 complaints were registered in the Pakistan PWD Enquiry Office, G-10/2, Sector, Islamabad by the occupants of Category-III Flats in Block 1-24 during the period from 1-7-1992 to 14-11-1992. About 642 complaints have so far been attended the deficiencies removed while action on the remaining 12 complaints is in hand.

(b) No. The white wash in the said Blocks has been carried out during various financial years according to the availability of funds as per details given below :-

Financial year	Blocks Attended
1990-91	Blocks No. 1-8, 11, 12,17, 19 (12 Blocks). (Internal & External). Blocks No. 9, 10, 13-16,18, 20-24 (12 Blocks) (External).
1991-92	Blocks No. 9, 10, 13-16, 18, 20-24, (12 Blocks). (Internal).

1992-93 (Programme)	Blocks No. 1-8, 11, 12, 17, 19 (12 Blocks). (External & Internal).
	Blocks No. 9, 10, 13-16, 18, 20-24, (12 Blocks). (Internal).

LEAVE OF ABSENCE

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب فتح محمد خان صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر مورخہ ۲۳ نومبر تا اختتام، حالیہ اجلاس ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت کی درخواست منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب یحیٰی بختیار صاحب نے ناسازی طبع کے باعث آج کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت کی درخواست منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ابھی یہ message ہمیں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ راولپنڈی سے موصول ہوا ہے ۔ یہ ہے date 18th November, 1992, subject "protective custody"

The following Senators came to Rawalpindi city on 18th November, 1992 and started addressing the gathering in complete violation of the Section 144 Cr PC, imposed by the District Magistrate Rawalpindi. A violent crowd of 14 to 15 persons gathered at Committee Chowk and started anti-government slogan, in the mean; time some counter slogan by the opposit group also started being raised and there was an imminent danger of the clash between the two groups, the under mentioned Senators were taken into protective custody and taken to the Rest House for their safety. after a few hours they left for Islamabad ;

(i) Mr. Abdullah Shah Sahib, (ii) Mr. Aijaz Jatoi
(iii) Syed Iqbal Haider,

Submitted for information please.

Sd/-
District Magistrate
Rawalpindi.

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئر مین : اعجاز جتوئی صاحب، آن پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : پوائنٹ آف آرڈر۔ محترمہ پہلے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس چھت کو خدا بچائے ہمارے اوپر نہ گرے اتنا جھوٹ بولا گیا ہے۔..........

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئر مین : آپ move کریں میں سب کو سن رہی ہوں...... آپ move کریں جی.........

جناب منظور احمد گچکی : پوائنٹ آف آرڈر۔ میں ایک چیز کا حوالہ دینا چاہتا ہوں ابھی آپ نے مجسٹریٹ کا حکم نامہ پڑھا اصولی طور پر غلط اس لئے ہے کہ اگر ہم رول نمبر ۶۸ کو دیکھیں تو اس کے تحت لوگ جب گرفتار ہوں۔ اور جب پھر رہا ہوں پھر اطلاع ہو یہ میں نہیں سمجھتا کہ اس رول کے تحت ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین : دیکھیئے گچکی صاحب ابھی میں نے اس کے بارے میں کچھ نہیں کہا۔ میں نے ایک لیٹر سنا دیا ہے ناں۔ آپ ابھی اپنی تحریک پیش کریں............

جناب منظور احمد گچکی : جناب والا! میری عرض تو سنیں آپ نے جو نامہ ابھی پڑھ کر سنایا یہ رول کے تحت اس لئے نہیں ہے کہ under the rule 68 یہ بتایا جاتا ہے کہ arrest ہو چکے ہیں۔ اس کے بعد جب رہا ہوں اس کے بعد اگر آپ کو آرڈر ملتے ہیں یہ کون سے رول کے تحت ہیں؟ میں یہ سمجھتا ہوں یہ رول کی قطعاً خلاف ورزی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اس بارے میں لاء منسٹر صاحب سے درخواست کی ہے کہ وہ بتائیں۔

(مداخلت)

چوہدری امیر حسین : محترمہ! جو point raise کیا گیا ہے وہ *prima facie* بڑا valid point ہے۔ اور میں یہ سمجھتا ہوں رولز کو پڑھ کر بڑا اچھا ایک نکتہ اٹھایا ہے اور *prima facie* یہی معلوم ہوتا ہے کہ جب تک کسی جرم میں کسی جرم کی violation میں custody میں نہ لیا جائے، detain نہ کیا جائے تو رول نمبر ۶۸ کے تحت اطلاع نہیں دی جاسکتی۔ میں جناب والا اپنے علم کی خاطر اور فاضل ممبران کے علم کی خاطر Kaul کا حوالہ دیتا ہوں صفحہ نمبر ۲۰۴......

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ذرا حوصلہ رکھیں مجھے ان کو سننے دیں صفحہ نمبر ۲۰۴ ہے؟

چوہدری امیر حسین : جی ہاں صفحہ نمبر ۲۰۴۔

"House to be informed of the arrest, detention conviction and release of members."

اور جتنی فاضل ممبر نے پوائنٹ آف آرڈر پہ بات کی نمبر ۲۰۴ پر یہ ساری دی گئی ہے۔ میں ایوان کا وقت بچا رہا ہوں کیونکہ وہ تو question hours کو suspend کرنا چاہتے ہیں اتنی ان کو جلدی ہے privilege motion پیش کرنے کی........

(مداخلت)

چوہدری امیر حسین : نہیں جناب ۲۰۴ صفحہ میں یہ ساری بات دی گئی جو انہوں نے نکتہ اٹھایا تھا............

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : گچکی صاحب! ان کی بات ذرا سن لیں پھر آپ کو سنوں گی۔ تشریف رکھیئے۔ تھوڑا سا صبر دکھائیں۔

چوہدری امیر حسین : نمبر ۲۰۴ میں جو انہوں نے کہا تھا ٹھیک ہے لیکن ان کو ۲۰۵ صفحہ بھی پڑھنا چاہیئے جس میں جواب ہے اس کا، پہلا پیرا ہے۔ "Even when a member has not been arrested within strict legal meaning of the term 'arrest' but has been detained by the police for same time and then let off failure on part of the authorities concerned to send the necessary intimation, to the notice of the Speaker has been held to constitute technically a breach of privileges of the House". چنانچہ کسی قانون میں کسی جرم میں اگر فاضل ممبر کو حراست میں نہ لیا جائے یہ protective custody پوچھ رہے تھے کیا ہوتا ہے وہ بتا رہا ہوں یعنی کسی بھی قانون میں ان کو وہاں سے اٹھا کر ریسٹ ہاؤس میں لے جایا جاتا ہے کوئی قانون نہیں even the House has to be informed چنانچہ Kaul کی ۲۰۵ صفحہ پر جو رولنگ ہے اسکے تحت یہ اطلاع دی گئی ہے اور یہ ان کے پوائنٹ آف آرڈر کا بھی جواب ہے اور ہو سکتا ہے تحریک استحقاق move کریں اس کا بھی یہی جواب ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب آپ proper طریقے سے تحریک استحقاق move کریں جی۔

جناب منظور احمد گچکی : ایک منٹ جی ! میں ان کے جواب میں کہنا چاہوں گا............

(مداخلت)

جناب منظور احمد گچکی : مجھے عرض کرنے دو جی........ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں جب آپ کے سینٹ کے قواعد و ضوابط میں ایک چیز clear موجود ہے ہم Kaul یا May's کا اس وقت حوالہ دیتے ہیں کہ جب یہ یہاں پر clear نہ ہو لیکن جب ایک چیز آپ کے قواعد و ضوابط میں موجود ہے تو اس صورت میں ہمیں کسی اور طرف دیکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر اس طرح ہمیں ہر روز Kaul اور May's کے حوالے دینے ہیں تو ہمیں پھر اس کتاب اور رولز کی ضرورت نہیں ہے۔ اس رول نمبر ۶۸ میں واضح طور پر clear ہے کہ جب کوئی رکن کسی فوجداری الزام یا فوجداری جرم کی بناء پر گرفتار کیا جائے یا اسے کسی

عدالت کی جانب سے سزائے قید دی جائے یا کسی عاملانہ حکم کے تحت نظر بند کیا جائے تو حکم دینے والا جج، مجسٹریٹ یا جیسی بھی صورت ہو انتظامی حاکم، چیئرمین کو جدول دوئم میں درج متعلقہ فارم پر اس رکن کی گرفتاری، نظر بندی یا قید کی وجوہ بیان کرتے ہوئے حقیقت حال سے فی الفور مطلع کرے گی۔ جناب چیئرمین! میرا موقف یہ ہے کہ کیا کل جب انہیں ۱۱ بجے صبح گرفتار کیا گیا تو کیا اس وقت چیئرمین کو اطلاع دی گئی اس فارم کو بھیجا گیا کل، چونکہ کل House in session تھا اور جس وقت ساڑھے گیارہ بجے یہ arrest ہوگئے اور رات کے ساڑھے گیارہ بجے چھوڑے گئے اس دوران کہیں بھی چیئرمین کو اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ اس لئے جناب والا، میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ یہ حوالہ دے رہے ہیں بالکل غلط، غیر متعلق حوالہ دے رہے ہیں اس لئے میرا پوائنٹ آف آرڈر بنتا ہے اور میں آپ سے توقع رکھتا ہوں کہ میرے پوائنٹ آف آرڈر کو صحیح سمجھیں گے اگر نہیں تو یہ آپ کی مرضی ہے۔

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u>: آپ proper طریقے سے تحریک استحقاق move کریں......... جناب چوہدری امیر حسین صاحب۔

<u>چوہدری امیر حسین</u>: محترمہ! ہو سکتا ہے کہ پریولج موشن میں بھی یہی پوائنٹ ہو............

(مداخلت)

<u>چوہدری امیر حسین</u> : تو میں گزارش کرتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ سارا وقت پوائنٹ آف آرڈر پہ لگایا جائے اس کا بھی جواب میرے پاس موجود ہے آپ جناب مناسب سمجھیں..........

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u>: نہیں آپ ان کو proper طریقے سے move کرنے دیں۔

<u>چوہدری امیر حسین</u> : جی کون کون mover ہیں؟

(قطع کلامی)

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : جی آپ تشریف رکھیں جب آپ کی مدد کی ضرورت ہو گی تو

میں آپ سے پوچھ لوں گی۔ تشریف رکھیں تشریف رکھیں جی منظور گچکی صاحب

PREVILEGE MOTION

PRIVELEGE MOTION *RE*-THE ALLEGED ILLEGAL ARREST OF THE SENATORS FROM THE OPPOSITION SIDE

جناب منظور احمد گچکی : جناب آج کے اخبارات کے مطابق اس معزز ایوان کے ارکان جناب اعجاز جتوئی، سید اقبال حیدر اور عبداللہ شاہ کو پولیس نے کل شام گرفتار کیا چونکہ سینٹ کا اجلاس چل رہا ہے اس لئے قانون کے مطابق چیئرمین کو اس کی اطلاع دینی لازمی ہے، جو کہ نہیں دی گئی۔ اس لئے اس ایوان کا استحقاق مجروع ہوا ہے، لہذا ضابطے کی کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب چیئرمین! آج کے اخبارات کے مطابق اس معزز ایوان کے ارکان جناب اعجاز جتوئی عبداللہ شاہ اور اقبال حیدر کو پولیس نے کل شام گرفتار کیا چونکہ سینٹ کا اجلاس چل رہا ہے اور قانون کے مطابق چیئرمین کو اس کی اطلاع دینی لازمی ہے، جو کہ نہیں دی گئی۔ اس لئے اس ایوان کا استحقاق مجروع ہوا ہے لہذا ضابطے کی کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے........ اور اسی پہ ہم بات بھی کریں گے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب حافظ حسین احمد صاحب۔

حافظ حسین احمد: اس معزز ایوان کے معزز اراکین جناب اعجاز جتوئی صاحب، جناب عبداللہ شاہ اور جناب اقبال حیدر صاحب جن کا تعلق اپوزیشن سے ہے، ان کو کل پولیس نے بلا جواز قید کر لیا۔ جب کہ نہ ان کے ورانٹ گرفتاری تھے اور نہ ان کے خلاف کوئی ایف آئی آر کاٹی گئی ہے۔ اس وقت جبکہ سینٹ کا اجلاس جاری ہے، اس طرح یکے بعد دیگرے اپوزیشن کے اراکین سینٹ کو اس طرح پولیس کے ذریعے ہراساں کیا جا رہا ہے تا کہ وہ اس ایوان میں نہ آئیں۔ اس سے ہمارا اور اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب اعجاز جتوئی صاحب۔

Mr. Aijaz Ali Jatoi : I give notice of a motion under Rule 60 of

the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate for breach of privilege. We, the members of the House, namely, Syed Abdullah shah, Aijaz Ali Jatoi and Syed Iqbal Haider alongwith M.N.As' Syed Khursheed Ahmed Shah and Syed Naveed Qamar were coming back to Islamabad from Rawalpindi. We all were stopped near Raja Bazar by Rawalpindi Police led by one Mr. Usman S.P. and S.D.M. Siddik accompanied by number of vehicles carrying the police. We were surrounded and not allowed to move. We Senators informed them that the House is in the session and we have to attend but they refused to leave us. S.D.M. Siddik forcibly sat in the car in which Abdullah shah, Naveed Qamar and Khursheed Shah were travelling, S.P. Usman forcibly occupied the car carrying Aijaz Ali Jatoi and Syed Iqbal Haider. We were taken to police club which is at the Kuhari Road and detained us there from 11.30 in the morning till 11.30 in the night. I hereby, move the privilege motion, it is a clear breach of my privilege as a member of the House.

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جناب میر عبدالجبار صاحب۔

میر عبدالجبار: آج کے اخبارات کے مطابق اس معزز ایوان کے ارکان جناب اعجاز جتوئی صاحب، جناب عبداللہ شاہ اور جناب اقبال حیدر کو پولیس نے کل شام گرفتار کیا۔ چونکہ سینٹ کا اجلاس چل رہا ہے اور قانون کے مطابق اس کی اطلاع لازمی ہے جو نہیں دی گئی۔ اس لئے اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہذا ضابطے کی کارروائی کو روک کر اس پر بحث کی جائے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: سید عبداللہ شاہ صاحب۔

Syed Abdullah Shah : I give notice of a motion under Rule 60 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate for breach of my privilege. We, the members of the House, namely Syed Abdullah Shah, Aijaz Ali Jatoi and Syed Iqbal Haider alongwith MNAs Syed Khursheed Ahmed Shah and Syed Naveed Qamar were coming back to Islamabad from Rawalpindi. We all were stopped near Raja Bazar by Rawalpindi Police led by Mr. Usman S.P. and S.D.M. Siddik accompanied by number of vehicles carrying the police. We were surrounded and not allowed to move. We Senators informed them that the House is in the session and we have to attend but they refused to leave us. S.D.M. Siddik forcibly sat in the car in which Abdullah Shah, Naveed Qamar and Syed Khursheed Shah were

travelling. S.P. Usman forcibly occupied the car carrying Aijaz Ali Khan Jatoi and Syed Iqbal Haider. We were taken to police club and detained there. We were released at about midnight. By illegally detaining us and stopping us from attending the House on 18-11-1992 the privilege as members of this House and that of the House has been breached.

Madam Deputy Chairman : Syed Iqbal Haider Sahib.

Syed Iqbal Haider : The privilege motion as moved by my friend Syed Abdullah Shah may be taken as read but I reserve my right to give my explanation in my turn.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : وزیر داخلہ چوہدری شجاعت حسین صاحب۔ کون oppose کریں گے جی؟

چوہدری امیر حسین : محترمہ گورنمنٹ کی طرف سے کوئی بھی oppose کر سکتا ہے۔ میں اس کو oppose کرتا ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : بہرہ ور سعید صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔ آپ مجھے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ رول ۶۸ کو غلط interpret کیا جاتا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: میں نے ابھی پریویلج موشن move کیا ہے۔ میں پوچھ لوں گی۔ آپ ذرا تشریف رکھیں۔ راجہ افضل صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔ آپ سب لوگ مجھے رول بتانا چاہتے ہیں۔

راجہ محمد افضل خان : نہیں میں رول نہیں بتانا چاہتا۔ میں گزارش کرنا چاہ رہا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ اس motion سے پہلے میرا ایک motion ایوان میں move ہوا ہے۔ اس کی admissibility پہ بات ہو چکی ہے اور کچھ ہو گی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : وہ میرے پاس ہے۔ اس کے بعد ہم اسے لیں گے۔

راجہ محمد افضل خان : باری پہ لینا چاہیئے تھا۔ پہلے کا ہے۔ بڑا اہم ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : یہ بھی بڑا اہم ہے، آپ تشریف رکھیں۔

راجہ محمد افضل خان: میرا motion out of turn لیا گیا تھا، اور continue کر رہا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اب یہ شروع کر دیا ہے جی۔ اب یہ پریولیج موشن move ہو چکا ہے۔

راجہ محمد افضل خان : یہ میرے motion کو bulldoze کرنے کے برابر ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: نہیں bulldoze نہیں کر رہی ہوں۔ اتنے دن لگائے ہوئے ہیں، آپ کہہ رہے ہیں bulldoze کر رہی ہوں۔ منظور گچکی صاحب admissibility پر بات کریں جی۔

راجہ محمد افضل خان : میڈم میں نے دن کا نہیں کہا ہے۔

جناب منظور احمد گچکی : جناب چیئرمین یہ privilege motion ہماری طرف سے move کیا گیا ہے۔ میں آرٹیکل جو ۶۲ ہے اس کے تحت سمجھتا ہوں کہ یہ مکمل طور پر privilege motion بنتا ہے۔ اس کے لئے میں مزید عرض کروں گا اور پھر جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا رول ۶۸ کا بھی سہارا لوں گا۔ جناب چیئرمین مجھے پتہ ہے کہ یہ privilege motion move کرنے سے کچھ بھی نہیں ہوگا۔ اس لئے بقول شاعر کے ****†

میڈم ڈپٹی چیئرمین: آپ نے پہلے سے کیسے کہہ دیا۔

جناب منظور احمد گچکی : یہ شعر ہے جی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں آپ نے کیسے پہلے سے کہہ دیا۔

جناب منظور احمد گچکی : آپ کو نہیں ہے۔ یہ جنرل ہے، حکومت سے ہے۔ آپ سے نہیں ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: آپ admissibility پر بات کریں۔

---

†**** بحکم میڈم ڈپٹی چیئرمین حذف کر دیا گیا۔

اخوندزادہ بہرہ ورسعید : سوال، سوال۔

جناب منظور احمد گچکی : جناب چیئر مین، اس کو بٹھادیں اس کو پھر hart attack ہو جائے گا۔ کچھ مصیبت ہو جائے گی۔

جناب اعجاز علی جتوئی : بار بار interruption کر رہے ہیں۔ یہ خدا کرے گرفتار ہوں گے، ابھی جلدی۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین: آپ بیٹھ تو جائیں۔ آپ تشریف رکھیں۔

جناب منظور احمد گچکی: جناب چیئر مین، اس سے پہلے کچھ ایک privilege motion راجہ صاحب کی طرف سے move ہوا۔ اور اس پر بحث کی گئی اور کافی دنوں تک اس بحث کو رکھا گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس بحث کا مطلب اس کے علاوہ اور کچھ نہیں تھا کہ اس ایوان..........

میڈم ڈپٹی چیئر مین: راجہ افضل صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔

راجہ محمد افضل خان: ایوان کے ممبر ہوتے ہوئے یہ اپنے الفاظ کو واپس لیں۔ کیونکہ cheair کے خلاف ہیں۔

جناب منظور احمد گچکی : جناب میرے الفاظ نہیں ہیں۔ کسی شاعر کے ہیں۔ میں شاعر نہیں ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین: چیئر پہ میں بیٹھی ہوں آپ واپس لے لیں۔

جناب منظور احمد گچکی : میں جناب اس کے بدلے میں کچھ اور کہوں گا۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین : نہ نہ ابھی نہ کہیں۔ اسی کو واپس لے لیں۔ اچھا آپ اب شروع کر دیں۔ اس وقت میں بیٹھی ہوں۔

جناب منظور احمد گچکی :

نہ بوئے گل نہ بادِ صبا مانگتے ہیں لوگ
وہ حبس ہے کہ لو کی دعا مانگتے ہیں لوگ

جناب چیئرمین، میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس سے پہلے ایک پریولیج موشن موو ہو چکا ہے۔ اور اس پریولیج موشن کو تین چار دن ہوئے اس ہاؤس میں debate کے لئے رکھا گیا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کی اتنی ضرورت یہاں نہیں تھی۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آپ admissibility پر بات کریں۔

جناب منظور احمد گچکی : میں اسی پہ تو بول رہا ہوں۔ اس سے متعلق ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آپ تو پہلے پہ بول رہے ہیں۔ میں نے ان کو بھی بٹھا دیا ہے۔ میں نے کہا ہے کہ آپ کا نہیں ہے۔

جناب منظور احمد گچکی : بہرہ ور سعید کافی ہیں جی۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ جو ہم نے پریولیج موشن موو کیا ہے، وہ جو پرانا پریولیج موشن ہے وہ ایک دوسرے سے متعلق ہیں۔ اس وقت بھی جب انہوں نے اسے move کیا تھا تو اسکا بنیادی مقصد یہ تھا کہ چونکہ ایوان میں majority government کی ہے، وہ مستقل اس پر debate کریں گے اور اس لانگ مارچ کے یا عوامی ابھار کے negative پہلو کی طرف نشاندہی کریں گے اور پھر ٹیلی وژن کی زینت بنتے رہیں گے۔ اور لوگوں کے opinion کو اس عوامی ابھار کے خلاف divert کریں گے۔ جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ اگر کسی ملک میں جہاں پر حکومتیں ان تمام غیر جمہوری انداز کو اپنائیں تو اس ملک کے ہر فرد کو حق حاصل ہے کہ وہ نہ صرف اسمبلی کے اندر ان کی مزاحمت کرے بلکہ وہ عوام کے پاس جائے اور حکومت کی ان تمام ناکامیوں کی نشاندہی کریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کا بنیادی فرض ہے اور ان کا بنیادی حق ہے۔ ذاتی طور پر مجھے اس جماعت سے کوئی اتفاق نہیں تھا لانگ مارچ کے سلسلے میں۔ لیکن میں اپنے آپ کو عوام سے الگ نہیں سمجھتا۔ یہ ان کا اقدام تھا۔ اور آپ کا اقدام یہ تھا کہ کل آپ نے جناب چیئرمین، اس موجودہ حکومت نے جس طریقے سے اس ایوان کا استحقاق مجروح کیا ہے بلکہ اس ملک کے عوام کا، اس ملک کے ایوان کا اور جمہوریت کا کھل کر مذاق اڑایا ہے۔ آج دنیا پر عیاں ہو چکا ہے کہ موجودہ حکومت آمریت کی پروردہ ہے اور

autocratic rulers جو گیارہ سال اس ملک کی عوام پر مسلط رہے ہیں اور جس طریقے سے انہوں نے سیاسی طور پر ملک کا جنازہ نکالا ہے، اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ اور اس حکومت کے غیر جمہوری عمل کی وجہ سے کل اس ملک کی جمہوریت کے جنازے پر آخری کیل ٹھونک دی گئی ہے۔

سید عباس شاہ: سوال۔

جناب منظور احمد گچکی : جناب چیئرمین! لوگوں کے ساتھ یہ مذاق کیوں کرتے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آپ کو گرفتار کرنا چاہیئے تھا اگر آپ سمجھتے ہیں کہ قانون کے خلاف تھا، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ کسی اور اپوزیشن لیڈر نے غیر قانونی کام کیا، آپ کو اسے گرفتار کرنا چاہیئے تھا۔ لیکن چترال سے لیکر پاکستان کے آخری کونے تک ہر مقام پر آپ نے لوگوں پر آنسو گیس پھینکی اور لاٹھی چارج کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ اب اس قابل نہیں ہیں کہ اس حکومت کو چلا سکیں۔ میرا یہ مطالبہ ہے کہ اگر آپ کا یہ غیر آئینی طریقہ کار رہا تو لوگ آپ کو ایوان اقتدار سے اٹھا کر باہر پھینک دیں گے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ وقت آنے والا ہے اور جس طریقہ سے آپ نے ایوان کے تین معزز ارکان کے استحقاق کو مجروح کیا، نہ صرف آپ نے نیشنل اسمبلی کے ارکان کے استحقاق کو مجروح کیا بلکہ آپ نے ملک کے تمام لوگوں کے استحقاق کو مجروح کیا ہے میں جناب والا آخر میں کہوں گا کہ

فقیر شہر کے تن پر لباس باقی ہے
امیر شہر کے ارمان ابھی نہیں نکلے

میڈم ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جناب۔ جناب عبدالرحیم خان مندوخیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب چیئرمین، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے موقع دیا کہ آج کی تحریک استحقاق جو ہم نے پیش کی ہے اس کی admissibility پر بات کریں۔ مجموعی طور پر جو صورت حال ہے۔ اس صورت حال میں پہلے سے جس طرح یہاں حکومت کے ممبران نے مجموعی طور پر یہ اشارہ دیا، تاثر دیا کہ وہ جو کچھ بھی لوگ مظاہرہ

کریں گے۔ جمہوری حقوق استعمال کریں گے ان کو high treason کے تحت ان کو سزا دیں گے۔ پہلے سے یہ تاثر دیا گیا۔ یعنی پہلے سے بنیادی حقوق کے خلاف ایک رجحان پیدا کیا گیا اور پھر اس میں جناب چیئر مین، جو بھی گرفتاریاں تمام ملک میں ہوئی ہیں اس کے بالکل علاوہ ہیں۔ جناب چیئر مین، افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمیں عوام کے، جمہوری حقوق کا تحفظ کرنا چاہیئے۔ یہاں ہم حیران ہیں کہ اپنے حقوق کا تحفظ نہیں کرتے۔ یعنی تمام ملک میں بمشکل پارلیمنٹ میں کوئی آئے اور پارلیمنٹ میں گھس آئے تو بمشکل شاید بچ سکے۔ کل تمام ملک میں ناکہ بندی تھی۔ تمام ملک میں فوج پھر رہی تھی۔ تمام ملک میں پولیس تھی۔ اور صرف پارلیمنٹ میں گھس کر، یہ جو ہے اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ یعنی ہم کس طرح اس ملک کو چلا رہے ہیں۔ بہر صورت جو سینٹ کے ممبران تین، محترم ممبران کل پولیس کے افسران اور ایس ڈی ایم نے گرفتار کئے ان کے بارے میں۔ اب یعنی ہمیں تمام ملک کے تحفظ کا مسئلہ اور جمہوریت کے تحفظ کا مسئلہ، آئین کے مجموعی تحفظ کا مسئلہ، اپنے تحفظ کا مسئلہ اس میں ہم یہ کہتے ہیں اور آج یہ فرمائیں گے کہ انہیں چونکہ وہ نوٹس دیا گیا چیئر مین صاحبہ کو آج اطلاع دی گئی لہذا استحقاق کا مسئلہ پیدا نہیں ہوتا۔ لیکن میں یہ عرض کر رہا ہوں آپ شیڈول میں دیکھیں۔ جس شیڈول کے تحت متعلقہ مجسٹریٹ صاحب نے اطلاع دی ہے..................

<u>میڈم ڈپٹی چیئر مین:</u> صفحہ کون سا ہے۔

<u>جناب عبدالرحیم خان مندوخیل</u> : صفحہ ہے ۱۹ جناب والا، To the Chairman of the Senate, Islamabad. Dear Mr. Chairman I have the honour to inform you that I have found it my duty in the excercise of my powers under section that is dash, of the dash, at, to direct that Mr. Mrs. Miss member of the Senate be arrested, detained for reason, for the arrest or detained. ذرا اس شیڈول کو دیکھیں۔ شیڈول میں کون سے سیکشن کے تحت، کس ایکٹ کے کس سیکشن کے تحت انہوں نے یہ direct کیا۔ اگرچہ وہ میرا نکتہ اپنی جگہ ہے کہ اسے موقع پر نہیں دیا گیا۔ کل دینا چاہیئے تھا۔ گیارہ بجے وہ گرفتار ہوئے ہیں۔ detained ہوئے

ہیں اور پھر ایک نئی اصطلاح انہوں نے بنائی ہے۔ ,Protect you, protect you
detention custody, protect you.

میڈم ڈپٹی چیئرمین: راجہ افضل خان صاحب on a point of order

راجہ محمد افضل خان: مندوخیل صاحب کی تصحیح کرنا چاہوں گا کہ انہوں نے جو تحریری تحریک پیش کی ہے اس میں انہوں نے لکھا ہے کہ کل شام کو detained کیا گیا تھا۔ اب یہ کہہ رہے ہیں کہ کل صبح گیارہ بجے۔ یہ آپ کے پاس کاپی ہے اس میں آپ دیکھ لیں کہ کل شام کا ذکر ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: وہ تو جناب والا، پریس کے حوالے سے تھا۔ سوال یہ ہے کہ ہمیں مصدقہ اطلاع مل گئی ہے اور محترم سینیٹرز صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں۔ انہیں صبح گیارہ بجے گرفتار کیا گیا۔ اور اس کے بعد رات گیارہ بجے انہیں چھوڑ دیا گیا۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کی اطلاع تمام دن کیوں نہیں ملی۔ یہ بات اپنی جگہ طے ہو گئی ہے۔ جناب والا استحقاق ہمارا حق ہے یعنی میری عرض ہے کہ admissible ہے۔ اور یہ جو نیا وہ جلدی جلدی میں لے آئے ہیں اس شیڈول کے تحت۔ وہ ذرا ان سے پوچھیں کہ آپ نے کس ایکٹ کے تحت انہیں گرفتار کیا۔ پہلے سے ہمارے رولز پروسیجر، یعنی ہمارے سینٹ کے پروسیجر کے رول نہ واضح طور پر فراہم کیے ہیں نہ انہیں کوئی ایسی گنجائش دی گئی ہے کہ آپ protect you, protection custody کریں۔ اس لئے یہ مکمل admissible ہے۔ یہ میری عرض ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جناب حافظ حسین احمد صاحب۔

حافظ حسین احمد: شکریہ محترمہ۔ بدقسمتی سے ایوان بالا ہفتہ استحقاق منا رہا ہے۔ یوں لگتا ہے کہ جیسے چنگیز خان اور ہلاکو کا دور شروع ہو چکا ہے۔ اور ظالمانہ اقدامات ہمارے حکمران شروع کر چکے ہیں۔ انہوں نے نوشتہ دیوار پڑھ لیا ہے۔ صبح اخبارات پڑھتے ہوئے جب تنقیدی خبروں پر ان کی نگاہ جاتی ہے۔ تو تشدد کا نشانہ صحافی بنتے ہیں۔ اس پارلیمنٹ کے

سامنے صحافیوں نے بھی کتبے اٹھا کر احتجاج کیا۔ جناب والا، کہتے ہیں کہ شریفوں کا دور ہے اگر یہ شریفوں کا دور ہے تو پھر بدمعاشوں کا دور کیسا ہو گا۔

(قطع کلامی)

محترمہ یہ ادارہ دستور بناتا ہے یہ ادارہ قانون بناتا ہے ہم سمجھتے ہیں اگر اس ادارے کے ارکان جو خود دستور ساز افراد ہیں جو خود قانون ساز افراد ہیں اگر ان سے قانون کی خلاف ورزی ہوتی ہے اگر ان سے دستور کی خلاف ورزی ہوتی ہے تو میں کہتا ہوں اگر وہ حسین احمد ہوں تو سب سے پہلے اسے قانون کے مطابق سزا دی جائے یقیناً اس معزز ایوان کے ارکان قانون سے بالاتر نہیں ہیں لیکن اگر آج ہمارے ان تین معزز سینیٹرز صاحبان جناب اعجاز جتوئی صاحب، جناب اقبال حیدر صاحب، جناب عبداللہ شاہ صاحب، واقعی کسی قانون کی خلاف ورزی کے مرتکب ہو چکے ہیں تو آپ .F.I.R دکھائیں آپ ان کا چالان پیش کریں ان کو عدالت میں لے جائیں قانون کے مطابق انہیں سزا دیں۔ ہم کوئی بات نہیں کریں گے لیکن محترمہ اگر کوئی .F.I.R نہیں کاٹی گئی اگر کوئی دفعہ نہیں لگائی گئی اور انہیں عدالت میں جانے سے شرمندگی ہوتی ہے، انہیں پتہ ہے کہ وہاں پر جو گھناؤنا جرم انہوں نے کیا ہے عدالت جو ہے انہیں خود مجرم ٹھہرائے گی، تو یقیناً پھر اس ایوان کا اور ہمارے معزز ارکان کا اور اس پارلیمنٹ کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ کل بھی وزیر داخلہ نے ایک عجیب بیان پڑھ کر سنایا جو پولیس نے انہیں دیا تھا لیکن اگر یہی بات ہے کہ ایک معزز ایوان کا رکن خود بات کرتا ہے اور اس کے مقابلے میں، پھر ان کا وزیر داخلہ ایک پولیس مین کے بیان پر یقین کرتا ہے اور اس پر اسرار کرتا ہے تو میں سمجھتا ہوں پھر اس ملک کا خدا ہی حافظ ہے۔ عجیب بات ہے کہ ہمیں حفاظت میں لیا جاتا ہے ہم اس ایوان سے حفاظت نہیں مانگتے بلکہ پولیس سے اپنی حفاظت مانگتے ہیں آج کتنے دن ہو چکے ہیں کہ ہر رکن اٹھ کر یہی کہتا ہے کہ خدارا میں اس پاکستان کے اس ایوان کا رکن ہوں مجھے اس پولیس سے بچایا جائے۔ وزارت داخلہ سے بچایا جائے ان درندوں سے بچایا جائے ان ظالموں سے

بچایا جائے۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین: حافظ صاحب آپ admissibility پر آئیں۔

حافظ حسین احمد: جناب میں وہی بول رہا ہوں، جناب والا مسئلہ یہ ہے حسین احمد اور اقبال حیدر اس ایوان میں برابر ہیں، چوہدری شجاعت اور نواز شریف برابر ہیں، اس ایوان میں اگر وہ بھی پارلیمنٹ کے ممبران ہیں تو ہم بھی پارلیمنٹ کے ممبران ہیں ان کے درمیان آپ نے جو تفریق پیدا کی ہے، اپوزیشن سے اس کا تعلق ہے محمد علی خان صاحب بھی سینیٹر ہیں آپ بھی سینیٹر ہیں لیکن اگر آپ سینیٹر نہ ہوں تو آپ ڈپٹی چیئر مین نہیں بن سکتیں اگر نواز شریف پارلیمنٹ کا ممبر نہ ہو تو وزیر اعظم نہیں بن سکتا یہاں پر ہر ایک کا استحقاق اور ہر ایک کی عزت جو ہے وہ ایک ہے لیکن جناب مسئلہ کیا ہے

وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

ہم آہ بھی بھرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام

میں سمجھتا ہوں کہ کل جس وقت ان تینوں معزز ارکان کو پولیس نے اپنی حراست میں لے لیا اس وقت اس پارلیمنٹ کا اجلاس جاری تھا۔ گیارہ بجے انہیں حراست میں لیا گیا ہے جبکہ اس وقت اس ایوان کا اجلاس جاری تھا آپ مجھے بتائیں کہ اور سینگ چاہیئے تھے اس تحریک استحقاق کو منظور کرنے کے لئے۔ اگر ارکان آتے تو ان سے نہیں پوچھا جاتا کہ کیا انہیں کمیٹی چوک پر گرفتار کیا گیا ہے؟ میں چیلنج کرتا ہوں کہ انہیں کمیٹی چوک پر گرفتار نہیں کیا گیا ہے۔ انہیں اسلام آباد سے گرفتار کیا گیا ہے جب یہاں ایوان اجلاس میں تھا۔ اگر انہیں حفاظت مطلوب تھی تو انہیں لے کر آپ کی حفاظت میں لاتے انہیں ایوان میں لاتے انہیں ایوان کے حوالے کرتے انہیں چیئر مین کے حوالے کرتے میں نے موبائل پر اقبال حیدر صاحب کو ٹیلیفون کیا انہوں نے کہا کہ میں اس وقت پنجاب پولیس کلب میں بیٹھا ہوں اور اسی وقت میں نے چیئر مین صاحب کے گھر فون کیا۔ وہاں سے جواب ملا کہ چیئر مین صاحب موجود نہیں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس صورت حال میں یقیناً پارلیمنٹ کی بالادستی

کی جو بات یہ کرتے ہیں اور ارکان کے استحقاق کی جو بات کرتے ہیں........ ابھی ہمیں اور کام نہیں ہیں کہ ہر دن ایک تحریک استحقاق پیش کریں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ جناب یہ پارلیمنٹ کا افوان ہے ہر جماعت کو حق ہے کہ وہ اپنے پروگرام کے مطابق اپنی پالیسی کے مطابق جس انداز میں تحریک چلائیں......... وہ تو قوم کے سامنے ہے فیصلہ قوم کرے گی یہاں اپوزیشن لیڈر کا کمرہ ہے، محترمہ بینظیر بھٹو صاحبہ کا، اسے کس طرح خالی کیا گیا؟ جناب لانگ مارچ تو وہاں سے ہو رہا ہے آپ اس کمرے کو خالی کرتے ہیں یعنی آپ کیا کرنا چاہتے ہیں؟ میں نے کل بھی گزارش کی کہ یہ پارلیمنٹ کی عمارت بچانا چاہتے ہیں یہ عمارت تو مارشل لاء کے دور میں بھی موجود تھی اس قالین کو بچانا چاہتے ہیں اس فرنیچر کو بچانا چاہتے ہیں یہ تو پہلے ہی موجود تھا، لیکن اگر مارشل لاء کے دور میں مارشل لاء لگا تھا اس وقت ہم ممبران نہیں تھے اس لئے پارلیمنٹ نہیں تھی، پارلیمنٹ کی عمارت موجود تھی آپ دیوار کھڑی کر رہے ہیں اس اٹک کے پل پر، آپ جہلم کے پل پر دیوار کھڑی کر رہے ہیں آپ یہاں سامنے ریت کی بوریوں کی دیوار کھڑی کر کے پارلیمنٹ کی عمارت کو بچانا چاہتے ہیں اگر یہ تمام ارکان پارلیمنٹ کے باہر تک جائیں اس عمارت کو آگ لگ جائے، تو میں سمجھتا ہوں کہ اس عمارت کا استحقاق مجروح نہیں ہوگا اس عمارت کا استحقاق جمہوریت سے ہے اس عمارت کا استحقاق یہاں کے پارلیمنٹ کے ارکان سے ہے اور جناب اگر پارلیمنٹ کے ارکان پر سڑکوں پر ڈنڈے برسائے جائیں اور جب یہ چاہیں جو چاہیں کریں اور اس کے بعد ایک بیان ایک وزیر یہاں پڑھ کر دے دے یا عین اس وقت جب انہیں گرفتار کیا گیا تھا گیارہ بجے اس وقت اجلاس جاری تھا۔ چیئرمین صاحب موجود تھے۔ جناب یہ پارلیمنٹ کی بالادستی ہے؟ ہمیں show piece بنایا گیا ہے جب چاہیں آپ ہمیں گھسیٹیں، ہمارے گریبان چاک کریں، ہم پر حملہ کریں، ہمیں جا کر قید رکھیں اور جناب قانون ہم بناتے ہیں اس وقت پارلیمنٹ کا اجلاس جاری ہے سینٹ کا اجلاس جاری ہے اور جناب صدر صاحب آرڈیننس جاری کرتے ہیں جناب کل فوج کے لئے اگر اندرون

سندھ اختیارات کی بات تھی تو حکومت نے نہیں دیئے جناب اگر وہاں اختیارات کی ضرورت تھی اور آپ نے نہیں دیئے آج اپنے تخت طاؤس کو بچانے کے لئے اسی فوج کو آپ اختیارات دے رہے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ اس پوری مشینری کو ان تمام forces کو افواج کو ان تمام چیزوں کو آپ اپنے تخت کے بچانے کے لئے استعمال کر رہے ہیں محترمہ خدارا یہ تحریک استحقاق نہ صرف استحقاق کمیٹی کے سپرد کی جائے بلکہ ان مجرموں کو چاہے وہ جو بھی ہوں میں سمجھتا ہوں ان کو سزا دی جائے تاکہ یہ ریکارڈ پر رہے اور آئندہ بھی کوئی بھی طالع آزما اپنی نوکری کے لئے اپنی ترقی کے لئے کوئی پولیس مین ایسا نہ کر سکے اس ملک کو پولیس اسٹیٹ بنا دیا گیا ہے کہ وہ جب بھی چاہے جس طرح بھی چاہے .... اور جناب والا! ہمیں ننگی گالیاں پڑ رہی ہیں جناب اس ملک میں اگر یہ ایوان ہے تو یقیناً میں سمجھتا ہوں کہ اگر جمہوریت کا یہ حشر کیا جاتا ہے تو پھر جمہوریت کا اللہ حافظ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ فوری طور پر اسے استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین: شکریہ، جناب اعجاز جتوئی صاحب۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: شکریہ، محترمہ چیئر مین صاحبہ، کل کا دن تاریخ کا ایک ایسا حصہ بن چکا ہے جس دن جبر اور تشدد کی انتہا ہو گئی۔ لانگ مارچ، سیاسی عمل اور جمہوری عمل کا ایک حصہ ہے، agitation، مسائل کے اوپر احتجاج، بدعنوان corrupt حکمرانوں کے خلاف احتجاج عوام کا حق ہے۔ اسی ایوان میں کئی مرتبہ تحاریک استحقاق پیش ہوئی ہیں، مجھے وہ وقت بھی یاد ہے کہ جب جونیجو صاحب کی حکومت میں یہاں پر تحاریک آتی تھیں تو اس وقت ہمارے جو دوست مسلم لیگ میں ہوتے تھے وہ اپنی آواز سے ہماری آواز دباتے تھے اور مجھے وہ وقت بھی یاد ہے کہ ایک جابر نے گیارہ سال ملک کا خانہ خراب کیا۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین: آپ admissibility پر بات کریں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: مجھے وہ وقت بھی یاد ہے جس جابر کی پیداوار، موجودہ تاجر وزیراعظم، آج ہمارے سر پر تھونپا گیا ہے اس کی creation اس کی legacy جس نے ان کو

تربیت دی ہے! والدین جو اولاد کو تربیت دیتے ہیں وہ اسی سے سیکھتے ہیں میں سمجھتا ہوں موجودہ حکمرانوں کی تربیت ہی یہ ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: اعجاز صاحب آپ اس کی admissibility پر آئیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: میں آرہا ہوں میں ذرا back ground پر بات کروں گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: سارے لوگوں نے اس کی admissibility پر بولنا ہے۔ اتنی لمبی تقریروں سے دوسروں کا موقع چلا جائے گا۔ ٹائم کو دیکھیں باقی لوگوں نے بھی بولنا ہے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: یہ بڑا اہم motion ہے۔

(Interruption)

Madam Deputy Chairman : I don't mind and I will be more happy to continue.

جناب اعجاز علی خان جتوئی: میڈم چیئرپرسن! میں بالکل back ground دوں گا موجودہ corrupt حکومت کو ایوانوں کے اندر جب ہم نے دیکھا کہ بارہویں ترمیم اور کئی admendments انہوں نے bulldoze کرکے ۴۵ منٹ کے اندر نیشنل اسمبلی سے پاس کرائیں سینٹ کے اندر ہمیں بلا کر کہا گیا آپ پندرہ پندرہ بیس منٹ بات کرلیں۔ ہم نے یہ ضروری سمجھا کہ ہم عوام کے پاس جائیں کیونکہ ان ایوانوں میں جب عوام آپ کو elect کرکے بھیجتے ہیں تبھی آپ کے سبھی استحقاق بنتے ہیں تبھی آپ کی وہاں نمائندگی کرتے ہیں۔ میڈم چیئرپرسن آپ کو پتہ ہوگا پچھلے کئی دنوں سے ریلی چل رہی ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: اصل میں یہ ہے کہ intimate نہیں کیا تو آپ اپنے آپ کو confine کریں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : اس پر میں آتا ہوں میں حکومت کا ذرا back ground دے رہا ہوں۔ حکومت کی اصل تربیت کیا ہے؟ ہم آج استحقاق یہاں لائے ہیں ہمیں پتہ ہے یہ قائمہ کمیٹی کے سپرد ہوگا اور مجھے پتہ ہے میرا پچھلا جو استحقاق مجروح ہوا تھا جام صادق علی جو ان کے آقا تھے انہوں نے جس طرح سے اس ملک میں protective

custody introduce کرائی اس آئین کے اندر وہی protective custody چل رہی ہے۔ آج چوہدری شجاعت صاحب اسی protective custody پر یہاں بیان دیں۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین: آپ chair کو address کریں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: میڈم چیئر پرسن! دیکھیں، میں آپ کو بتاؤں، چوہدری صاحب نے اسی کمیٹی میں، جب بریگیڈئر قیوم مرحوم تھے انہوں نے کہا تھا کہ کون سی protective custody یہ کون سے آئین کے تحت ہے؟ اس کا جواب نہیں دے پائے ہیں آج یہ نئی protective coustody لیکر آئے ہیں۔ آئین میں نئی چیز متعارف کرائی ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ نے اس ملک کے اندر جس طرح سے اس ملک کو چار حصوں میں توڑا ہے۔ میڈم چیئر پرسن میں یہ بات on record رکھنا چاہتا ہوں چار صوبوں کو بیچ میں دیواریں دیکر الگ کیا گیا ہے، اور یہ بارڈر بنائے گئے۔ یہ آج نوٹ کر لیں یہ ملک اگر ٹوٹتا ہے چار حصوں میں تو یہ ذمہ داری آئی جے آئی کی حکومت کی ہے اور اسی تاجروزیراعظم کی ہے جس نے بند بنا کر صوبے کو صوبے سے کاٹا۔ سندھ کے عوام کو پنجاب میں نہیں آنے دیا، پختون خواہ کے عوام کو پنجاب میں نہیں آنے دیا، اور جس طرح سے کل اس ملک کو چار حصوں میں بانٹا گیا ہے میں یہ بات آن ریکارڈ رکھنا چاہتا ہوں، ہو سکتا ہے کہ ہم ایسے بحران میں مبتلا ہو چکے ہیں، یہ جو ادارے ہیں جہاں آج ہم بیٹھے ہیں جس طرح سے ان کی تذلیل کی جا رہی ہے، جس طرح کل یہاں پنڈی کے شہر میں لیڈر آف دی اپوزیشن کے اوپر ڈنڈے برسائے گئے ہیں teargasing کی گئی ہے ان کے ساتھ سابق وزیراعظم غلام مصطفیٰ جتوئی، فاروق لغاری صاحب، ڈپٹی لیڈر آف دی اپوزیشن نیشنل اسمبلی اور کئی ایم این اے جس طرح سے ان کی تذلیل کی گئی ہمیں شرم آ رہی ہے کہ ہم اس ایوان میں اس ایوان کے ممبر ہیں۔ جس طرح سے پولیس نے برتاؤ کیا ہے، ڈپٹی کمشنر صاحب آج letter لکھتے ہیں ڈپٹی کمشنر صاحب کا letter آپ کے سامنے ہے ہم نے ان کو خطاب کرتے ہوئے پکڑا ہے میں آپ کو حلفیہ بیان کہتا ہوں کہ ہم نے کسی کو خطاب

نہیں کیا ہے ہم یہاں سے راولپنڈی گئے تھے میرے معزز ساتھی سینیٹرز اور ایم این اے تھے۔ ہم بالکل گئے تھے، ہم وہاں پر لوگوں سے ملنے گئے تھے جب میں آج گھر سے نکلا اور جس طرح سے یہاں خار دار تاریں بچھائی گئی تھیں constitution avenue اور main roads اور شاہراہ جمہوریت کو بند کیا گیا تھا جس طرح سے پارلیمنٹ کو hostage بنایا گیا تھا۔ ہم جب پنڈی گئے۔ پندرہ barricades ہم نے cross کئے۔ مری روڈ پر کارڈ دکھاتے گئے، گیارہ بجے جب ہم نے راجہ بازار کے نزدیک گاڑیاں روکیں تو پولیس موبائل وہاں آئی کہ آپ کیوں کھڑے ہیں؟ ہم نے کہا جناب کیا آپ نے کرفیو لگایا ہے؟ کہا نہیں جی، ہم نے کہا، یہاں کھڑے ہونا جرم ہے، کہا نہیں جی، لیکن آپ یہاں کھڑے کیوں ہیں؟ آپ کون ہیں؟ ہم نے کہا کہ ہم ممبر آف سینٹ ہیں اور کچھ ایم این ایز بھی ہیں یہ ہمارے کارڈز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ یہاں رکیئے میں اوپر سے آرڈر لے رہا ہوں۔ walkie-talkie پر انہوں نے بات کی اور اسی دوران کافی لوگ جمع ہوتے گئے پانچ چھ پولیس کی گاڑیاں ادھر سے دس بارہ بسیں ادھر سے، ایس ایس پی نے اتر کر کہا آپ کہاں جا رہے ہیں؟ ہم نے کہا ہم اسلام آباد جا رہے ہیں، ہم پنڈی کے حالات کا جائزہ لینے آئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آپ اسلام آباد نہیں جا سکتے۔ ہم نے کہا کہ اس وقت گیارہ بجے سینٹ کا session چل رہا ہے ہمیں وہاں جا کر حالات motion کے ذریعے بتانے ہیں جس طرح سے blockade کیا گیا، جس طرح سے لوگوں پر تشدد جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ اسلام آباد نہیں جا سکتے۔ ہم نے کہا کہ ہم اسلام آباد جائیں گے آپ ہمیں squad کریں ہم کہیں نہیں رکیں گے۔ انہوں نے کہا نہیں جی آپ under arrest ہیں ساڑھے گیارہ بجے انہوں نے ہمیں وہاں سے زبردستی ہماری گاڑیوں میں ایس پی اور ایس ڈی ایم کو بٹھا کر چھ گاڑیاں آگے پیچھے لگا کر کے ہمیں پنجاب کانسٹیبلری کلب میں detain کیا اور اس وقت سے مسلسل لیگل ڈی ایس پی قمر صاحب اور کئی افسر آئے اور ہم نے کہا جناب آپ ہمیں لکھ کر تو دیں ہمیں کس جرم میں آپ نے بند کیا ہے؟ ہم ممبرز

آف پارلیمنٹ ہیں ہمارا ایک استحقاق ہے انہوں نے کہا جب تک مجھے اوپر سے نہیں بتاتے میں کچھ نہیں کر سکتا۔ محترمہ ساڑھے گیارہ بجے رات تک انہوں نے ہمیں کچھ لکھ کر نہیں دیا اور ساڑھے گیارہ بجے رات کو لیگل ڈی ایس پی قمر میرے ساتھی رفقاء کو اٹھا کر اسلام آباد چھوڑ گئے اب میڈم چیئر پرسن بات یہ بنتی ہے ہم سیاسی worker ہیں جیل جانا یہ کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین: آپ کو کہاں سے لے گئے تھے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: پنڈی راجہ بازار کے نزدیک سے اور ذرا language دیکھیں حکمرانوں کی کہاں پر یہ کہا گیا تھا کہ یہ لانگ مارچ پر تشدد ہوگا کہاں پر یہ کہا گیا تھا کہ ہم قبضہ کرنے جارہے ہیں۔ میڈم چیئر پرسن آپ ذرا چیف منسٹر پنجاب کا بیان تو پڑھیں۔ ٹانگیں توڑ دوں گا، ہاتھ توڑ دوں گا، بازو توڑ دوں گا، آنکھیں نکال دوں گا وہ عوام جو اسلام آباد جائے گا، یہاں پر.........

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئر مین: آپ chair کو address کریں، اعجاز صاحب آپ chair کو address کریں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: پہلے وزیر صاحب ایک بیان دیتے ہیں..........

چوہدری امیر حسین : پوائنٹ آف آرڈر، محترمہ گزارش یہ کرنی ہے کہ جو privilege motion آپ کے سامنے ہے اس پر اگر بات ہو تو بہتر ہے۔ جس پریویلج موشن پر بات کی جارہی ہے اس کو آپ نے ابھی takeup نہیں کیا وہ pending مجھے افسوس ہے کہ مجھے interfere کرنا پڑا۔

میڈم ڈپٹی چیئر مین: میں نے ان سے request کی ہے آپ تشریف رکھیں۔ میں نے ان سے کہا ہوا ہے کہ admissibility پر بھی بات کریں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: آپ بیٹھ جائیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: آپ order نہیں کریں، وہ میں کہوں گی۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: I am sorry.

میڈم ڈپٹی چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔

چوہدری امیر حسین : یہ اتنے آداب جانتے ہیں؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین: میں نے ان سے بھی کہہ دیا ہے، آپ تشریف رکھیں۔

چوہدری امیر حسین : میں نے آپ کو address کیا ہے اور وہ مجھے حکم کر رہے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: میں نے ان سے کہہ دیا ہے کہ آپ یہ نہیں کر سکتے ہیں۔

چوہدری امیر حسین : میڈم چیئرمین صاحبہ، آپ اس House کو rules کے تحت چلائیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : چوہدری صاحب تشریف رکھیں، میں نے آپ سے پہلے ان کو کہہ دیا ہے۔

چوہدری امیر حسین : اس کو take up کریں یا اس پر بات کروائیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: جی۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : آرٹیکل ۱۷، آرٹیکل ۱۹ اس کو آپ ذرا ملاحظہ فرمائیں.......

چوہدری امیر حسین : یہ اس میں relevent نہیں ہے بلکہ اس میں relevant ہے جو کہ pending ہے..........

جناب اعجاز علی خان جتوئی : نہیں جناب، یہ کیسے relevant نہیں ہے؟

چوہدری امیر حسین : محترمہ، میں آپ سے گزارش کر رہا ہوں کہ that is not relevant.

جناب اعجاز علی خان جتوئی : محترمہ، یہ سب کچھ لانگ مارچ کے سلسلے میں ہی ہوا ہے

یہ سب کچھ political activity کے تحت ہی ہوا ہے........

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اعجاز صاحب، آپ بھی admissibility پر بات کریں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : آرٹیکل ۱۷ اور ۱۹، محترمہ آپ دیکھیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اعجاز صاحب، آپ ضرور بولیں لیکن میری گزارش سنیں کہ آپ admissibility پر بات کریں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : محترمہ مجھے بتائیں کہ میں نے کون سی بات irrelevant کی ہے؟ کیا یہ حکمران کرپٹ نہیں ہیں؟ میں کہاں irrelevant گیا ہوں۔ کیا یہ ضیاء کی باقیات نہیں ہیں؟ کیا یہ جام صاحب کو support نہیں کرتے تھے؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین: اعجاز صاحب، اب تو آپ بالکل ہی track چھوڑ گئے ہیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : محترمہ! میں irrelevant نہیں ہوں۔ بلکہ یہ مجھے irrelevant بنا رہے ہیں۔

